# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday, the February 27, 2026

(359th Session)

Volume XV, No. 03

(Nos.)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XV SP.XV (03)/2026

No.03 04

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Leave of Absence ..... 1
3. Questions and Answers ..... 3
4. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Danesh Kumar on behalf of Chairman, Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, regarding [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri ..... 29
5. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Mohammad Abdul Qadir on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice, regarding [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Shahadat Awan ..... 29
6. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Zamir Hussain Ghumro, on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice, regarding [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025], introduced by Senator Kamran Murtaza ..... 30
7. Point raised by Senator Mohammad Abdul Qadir regarding issuance of Blue/Official Passport to the Children of retired Senators ..... 31
8. Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Virtual Assets Bill, 2025] ..... 31
9. Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Virtual Assets Bill, 2025] ..... 31
10. Presentation of Report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion by Senator Umer Farooq regarding misconduct of Chief Secretary and other officers of Balochistan ..... 32
11. Introduction of [The Daanish University Islamabad Bill, 2026] ..... 32
12. Motion under Rule 263 for dispensation of rules in order to take a Bill into consideration ..... 33
13. Consideration and Passage of [The Virtual Assets Bill, 2025] ..... 33
14. Resolution moved by Senator Sherry Rehman to pay tributes to the sacrifices of armed forces and law enforcement personnel against the unprovoked aggression emanating from the territory of Afghanistan . 35
    - Senator Syed Ali Zafar ..... 37
    - Senator Sherry Rehman ..... 41
    - Senator Syed Ali Zafar ..... 43
    - Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition) ..... 44
    - Senator Manzoor Ahmed ..... 48
    - Senator Muhammad Azam Khan Sawati ..... 50
    - Senator Abdul Wasay ..... 50
    - Senator Ali Zafar ..... 52
    - Senator Rana Sana Ullah Khan ..... 54

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

Friday, the February 27, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at forty minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Senator Yousaf Raza Gilani ) in the Chair.

----------------

**<u>Recitation from the Holy Quran</u>**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿١٠٥﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ
﴿١٠٦﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾

ترجمہ: اور ہم نے نصیحت (کی کتاب یعنی تورات) کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ میرے نیکوکار بندے ملک کے وارث ہوں گے۔ عبادت کرنے والے لوگوں کے لیےاس میں (خدا کے حکموں کی) تبلیغ ہے۔اور (اے محمدؐ) ہم نے تم کو تمام جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ کہہ دو کہ مجھ پر (خدا کی طرف سے) یہ وحی آتی ہے کہ تم سب کا معبود خدائے واحد ہے، تو تم کو چاہیے کہ فرمان بردار ہو جاؤ۔

سورۃالانبیآء (آیات ۱۰۵تا۱۰۸)

Mr. Chairman: There are no Ministers. Inform that the Ministers should be present. In the meanwhile we will go to the next item. Is any leave of absence?

**<u>Leave of Absence</u>**

Mr. Chairman: Senator Liaqat Khan Tarakai has requested for the grant of leave for the whole current session due to illness. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Asad Qasim has requested for the grant of leave for 24th February, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saadia Abbasi *Sahiba* has requested for the grant of leave for 24th February, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Atta Ul Haq has requested for the grant of leave for 23rd February, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Jan Muhammad has requested for the grant of leave for 23rd February, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Ahmed Khan has requested for the grant of leave for 23rd and 24th February, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Anusha Rahman Ahmad Khan *Sahiba* has requested for the grant of leave for 23rd and 24th February, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur has requested for the grant of leave for 23rd February, 2026 during the current session due to illness. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Rana Mahmood ul Hassan has requested for the grant of leave for 19th to 23rd January during the 357th Session and 2nd, 3rd, 6th and 13th February, 2026 during the 358th Session and 24th February, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

**<u>Questions and Answers</u>**

Mr. Chairman: Ministers have arrived. Minister for Parliamentary Affairs, are you ready? OK. Question No. 23, Senator Abdul Shakoor Khan Sahib. Answer taken as read.

(Q. No. 23)

سینیٹر عبدالشکور خان: میرا سوال ہے کہ کیا وزیر برائے توانائی (پٹرولیم ڈویژن) بیان فرمائیں گے کہ آیا پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (PMDC) بلوچستان میں کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی (CSR) کے تحت مقامی آبادی کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی منصوبے جاری رکھے ہوئے ہیں، اگر ایسا ہے تو تعلیم، صحت، پینے کے پانی انفراسٹرکچر اور دیگر سماجی شعبوں میں کیے گئے اقدامات کی تفصیلات کیا ہیں، نیز ہر منصوبے کی علیحدہ علیحدہ لاگت، مستفید ہونے والوں کی تعداد اور موجودہ حیثیت کیا ہے؟ جناب! جواب تو انہوں نے دے دیا ہے لیکن چھ سالوں میں پورے بلوچستان میں چار کروڑ روپے خرچ کیے ہیں۔ وزیر صاحب نے اُس دن تو رونے سے بھی منع کیا تھا کہ آپ روئیں گے بھی نہیں۔ اس ادارے نے چھ سالوں میں پورے صوبے میں چار کروڑ روپے خرچ کیے ہیں تو سال کے کتنے بنتے ہیں؟ وزیر صاحب بتائیں کہ رونا بنتا ہے یا نہیں۔

Mr. Chairman: Minister-in-Charge.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): بہت شکریہ، جناب چیئرمین جناب! گزارش یہ ہے کہ جو سوال معزز سینیٹر صاحب نے کیا ہے کہ کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی کے تحت وزارت پٹرولیم نے جن جن اہداف میں اور جن جن سیکٹرز پر یہ پیسا خرچ ہوا ہے، اس کی

ساری تفصیلات دی گئی ہیں۔ جناب! گزارش یہ ہے کہ یہ need based ہوتا ہے۔ یہ ایسا نہیں ہے کہ sole responsibility, PMDC ان علاقوں میں development کر رہا ہے اور اس کے علاوہ کوئی اور source نہیں ہے۔ جناب! اس میں جتنے بھی development funds ان areas میں دیے جاتے ہیں، ان میں دو طرح کے فنڈز ہوتے ہیں، ایک تو صوبائی حکومت کے اپنے فنڈز ہوتے ہیں، اس کے علاوہ وفاقی حکومت کی طرف سے NFC سے بھی پیسا دیا جاتا ہے، وہ بھی development کی مد میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ need based پر لوکل آبادی کی ضرورت ہوتی ہے، اس کے تحت یہ کام ہوتا ہے۔ یہ major development work نہیں ہے کہ صرف یہی کام ان affected areas میں ہو رہا ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی جان صاحب۔

سینیٹر جان محمد: یہ تو بتایا گیا ہے کہ بلوچستان میں اتنے خرچ ہوئے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مجموعی طور پر چھ سال میں اس کی کمپنی کی آمدنی کتنی ہوئی ہے کیونکہ آمدنی کا تین فیصد وہاں پر خرچ کرنا ہے۔ جہاں سے آمدنی ہوتی ہے، وہ کمپنی پابند ہے کہ تین فیصد مقامی آبادی کی فلاح و بہبود پر خرچ کرے۔ وزیر صاحب یہ بتا سکتے ہیں کہ چھ سالوں میں SSGC کی مجموعی آمدنی کتنی رہی ہے؟

Mr. Chairman: Minister-in-Charge.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! یہ بالکل fresh question ہے۔ یہ ایک technical answer ہے کہ مجموعی آمدنی کتنی ہوئی ہے۔ میری گزارش ہوگی کہ اگر سینیٹر صاحب اس کے لیے ایک نیا سوال دیں گے تو ہم ان شاءاللہ اس کا proper reply/detail submit کر دیں گے۔

Mr. Chairman: Question No. 24.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: وہ چاہ رہے تھے کہ .fresh notice is required انہوں نے fresh notice کے لیے request کی ہے۔

سینیٹر جان محمد: جناب! میری گزارش ہے کہ جب وزرا نہیں آتے ہیں نا تو وزیر انچارج کے پاس تفصیل نہیں ہوتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پورا department ہے۔۔۔

Mr. Chairman: It is a collective responsibility of the Cabinet that any Minister can answer. Thank you.

جب ہم نے کہہ دیا کہ اس کے لیے fresh notice is required, then there is no need to ask another question. Please take your seat. Followed by T02]

**T02-27Feb2026 Ali/Ed: Waqas 10:50 am**

جناب چیئرمین: (جاری ہے۔۔۔۔) جب ہم نے کہہ دیا کہ اس کے لیے fresh notice is required, then there is no need to ask another question, Please take your seats. Question No.24, Senator Abdul Shakoor Khan Sahib.

سینیٹر عبدالشکور خان: سوال نمبر 24۔

Mr. Chairman: Taken as read.

(Q.No.24)

سینیٹر عبدالشکور خان: اس میں بھی تھوڑا سا وہی مسئلہ آ رہا ہے کہ اس میں SSGC ایک بہت بڑا ادارہ ہے اور یہ بلوچستان کے سوئی شہر سے شروع ہوا ہے۔ میں نے سوال میں یہ پوچھا ہے کہ پانچ سال میں اس پر آپ نے کتنا خرچ کیا ہے؟ اچھا SSGC بہت بڑا ادارہ ہے اور پاکستان کے سارے ادارے اس کو جانتے ہیں۔ SSGC نے پانچ سال میں دو کروڑ ساٹھ لاکھ روپے خرچ کیے ہیں، یہ بھی وہی سوال ہے اور میرا جو رونا ہے اس میں بھی یہی ہے کہ SSGC نے پورے بلوچستان میں پانچ سال میں دو کروڑ ساٹھ لاکھ روپے خرچ کیے ہیں۔ تو ایسا کیوں ہے؟

Mr. Chairman: Minister for Finance, I request you to please look into it.

چونکہ اتنا بڑا ادارہ ہے اور صرف دو کروڑ خرچ ہوئے ہیں پانچ سال میں اور پہلے میں بھی negligible ہے۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: اس کو review کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ اس پر Review کر لیں۔ Question No.25, Senator Abdul Shakoor Khan Sahib.

(Q.No.25)

سینیٹر عبدالشکور خان: سوال نمبر 25 میں نے جو پوچھا تھا، وہ انہوں نے تکنیکی عملے کا بتا دیا اور کوئی ضمنی سوال نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: سوال نہیں کریں گے؟

سینیٹر عبدالشکور خان: نہیں۔

Mr. Chairman: Thank you, at least you are satisfied. Question No. 27, Senator Muhammad Talha Mahmood.

سینیٹر محمد طلحہ محمود: سوال نمبر 27۔

Mr. Chairman: Taken as read.

(Q.No.27)

سینیٹر محمد طلحہ محمود: اس میں سرکاری زمین کا بتایا گیا ہے جو گزشتہ پانچ سالوں میں NAB نے غیر قانونی قبضے سے واگزار کروائی ہے۔ میں وزیر محترم صاحب سے پوچھنا چاہوں گا، اس میں سے کتنی کتنی زمین کس کس صوبے میں واقع ہے؟ اور kindly ذرا اس کا صوبہ وار بتا دیجئے اور plea bargain کرنے کے حوالے سے نیب کیا طریقہ کار اختیار کرتی ہے؟ اور NAB کے طریقہ کار کو مزید شفاف بنانے کے لیے حکومت کے کیا اقدامات ہیں؟

Mr. Chairman: Minister for Law and Justices.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس میں detail دی ہوئی ہے کہ کس طرح قبضے واگزار کروائے گئے۔ یہ زیادہ تر state lands ہیں، Provincial Government کی بھی ہیں اور Federal Government کی بھی ہیں۔ لیکن we must appreciate کہ یہ سالہا سال سے لاکھوں ایکڑ اراضی مختلف صوبوں میں ظاہر ہے یہاں پر زراعت اور زمیندار زیادہ ہیں، پنجاب اور سندھ میں یہ زمینیں زیادہ ہیں اور دوسرے صوبوں میں کم ہیں۔ لیکن یہ دہائیوں سے لوگوں کے قبضوں میں تھیں اور یہ لاکھوں ایکڑ میں تھیں۔ تو Chairman NAB نے اپنی teams کو organized کرکے Provincial and Federal Government کی support کے ساتھ سارے قبضے واگزار کروائے ہیں اور اس کی جو مالیت ہے، ہمیں appreciate کرنا چاہیے کہ وہ کھربوں میں ہے، اربوں میں نہیں ہے۔ اگر آپ further details کہیں گے تو ہم وہ share کر دیں گے کیونکہ یہ بہت بڑی exercise تھی اور اس میں مختلف slots ہیں کوئی کہیں سے لاکھ ایکڑ ہے، پانچ لاکھ ایکڑ ہے، سات لاکھ ہے اور وہ ظاہر ہے مختلف لوگوں کے پاس تھیں یہ نہیں ہے کہ کسی ایک بندے سے نکل آئی ہے۔

دوسرا آپ نے کہا کہ ہم نیب کو اور بہتر کرنے کے لیے کیا کر رہے ہیں؟ نیب ایک independent institution ہے اور اس میں جو بھی بہتری لانی ہے وہ حکومت نہیں لاتی، وہ اس کے اپنے mechanisms ہیں، جو اس کا National Accountability Bureau Act ہے، basically جو Ordinance تھا، اس کے تحت ہی انہوں نے ایک independent institution کے طور پر کام کرنا ہے۔ اس میں major reforms کی گئی تھیں 2023 میں کیونکہ پارلیمان کا یہ considered view تھا کہ NAB Law کا جو misuse ہے، اس کی وجہ سے country's economy پر بھی اثرات آئے اور ہمارے جو سرکاری ملازمین تھے ان کی functioning بھی متاثر اور compromised تھی۔ کوئی بندہ decision لینے کو تیار نہیں تھا۔ وہ آپ سب کے سامنے ہیں کہ June, 2022 میں major amendments کی گئیں اور اس کی وجہ سے، میں تو سمجھتا ہوں کہ NAB کی working زیادہ بہتر ہوئی ہے، اسے depoliticize کیا گیا تھا اور جو unfortunately ماضی میں NAB کو مختلف ادوار میں سیاسی انتقام کے لیے استعمال کیا گیا ماسوائے ایک آدھ سیاسی دور کے جو Pakistan People's Party اور PMIL N کی governments میں وہ معاملات کافی پیچھے چلے گئے تھے، تو اس سے کافی بہتری آئی۔ لیکن NAB کے اپنے legal framework کے اندر ان کا mandate ہے کہ انہوں نے کون سے cases کو inquire کرنا ہے اور کون سے cases کو investigate کرنا ہے۔

ایک بات میں ضرور share کرنا چاہوں گا کہ جو پچھلے دو سالوں کی ان کی progress reports ہیں، وہ جو NAB کا اصل مقصد تھا کہ جو سرکاری پیسہ ہے جو exchequer کو نقصان پہنچا ہے، اس کی recovery کی جائے، اس پر زیادہ کام کیا گیا ہے۔ آپ نے plea bargain کے حوالے سے جو ضمنی سوال کیا کہ plea bargain کا بھی ایک legal mechanism دیا گیا ہے۔ ایک voluntary return کا بھی concept ہوتا تھا NAB میں کہ آپ inquiry stage پر یہ سارا کچھ دیکھ کے تو ہاتھ جھاڑ کر چلے جائیں، اس سے آپ کو disqualification یا ان چیزوں کے consequences نہیں آتے تھے۔ اس میں Supreme Court نے ایک فیصلہ دے دیا اور انہوں نے کہا کہ نہیں یہ آئین کی جو provisions ہیں اس سے متصادم ہے، اگر کوئی جرم ہوا ہے تو اس کی ضرور prosecution ہونی چاہیے، وہ changes آ گئیں تھیں۔ Plea bargain کے لیے ملزم voluntarily offer کرتا ہے کہ جی میں جو plunder money ہے، جو املاک یا پیسہ ہے، وہ واپس کرتا ہوں تو آپ مجھے اس میں pardon کر دیں؛ تو اس کی سزا نہیں ہوتی، وہ جیل کی سزا سے تو بچتا ہے لیکن اس کے لیے پھر اس کی disqualification ہوتی ہے، وہ کسی public office کے لیے اہل نہیں رہتا

ایک خاص عرصے تک۔ تو وہ لکھی پڑھی provisions ہیں، وہ اس کے مطابق ہی چلتی ہیں۔ میں پھر ایک مرتبہ بتا دوں کہ government جو ہے وہ NAB کو dictate نہیں کرتی NAB is and has been an independent institution۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب نے بہت اچھے طریقے سے brief کیا ہے، میں مطمئن ہوں۔

Mr. Chairman: Thank you. Question No. 28, Senator Muhammad Talha Mahmood Sahib.

(Q.No.28)

سینیٹر محمد طلحہ محمود: میرا سوال نمبر 28 ہے، میں اس میں جناب محترم وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ یہ جو LPG import ہوئی ہے، اس پر کتنا foreign exchange استعمال ہوا ہے؟ اور foreign LPG پر انحصار ہم کس طرح کم کر سکتے ہیں، حکومت اس حوالے سے کیا اقدامات کر رہی ہے؟ اور مذکورہ LPG پر جو import ہے، اس پر کتنی duties وصول کی گئی ہیں؟ اور اس کے ساتھ ساتھ ایک بڑی important چیز یہ ہے کہ یہ دو ایک project لگا رہے ہیں چترال کے اندر LPG وہاں پر پہنچانے کے لیے؛ میں appreciate کروں گا، بڑا اچھا یہ کام کر رہے ہیں۔ اگر اس حوالے سے بھی کچھ یہ تفصیل بتا سکیں تو میں ان کا شکر گزار ہوں گا۔

Mr. Chairman: Who will answer? Minister for Parliamentary Affairs.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے وزارت پارلیمانی امور): Honourable Chairman جو سینیٹر صاحب نے سوال کیا ہے، اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے تو انہوں نے یہ پوچھا ہے کہ پچھلے پانچ سالوں میں LPG کی import پر total revenue کتنا serve کیا گیا ہے؟ تو اس کے لیے میں ان سے request کروں گا، کیونکہ ظاہر ہے یہ ایک technical question ہے؛ اس کے لیے وہ اگر دوبارہ ایک fresh question دیں تو ہم ان کو وہ details دے دیں گے۔ باقی انہوں نے کہا کہ جو LPG ہے، اس کی import کو۔۔

جناب چیئرمین: وہ آپ کو appreciate کرنا چاہ رہے ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: میری خواہش ہے کہ جس طرح انہوں نے Law Minister کو appreciate کیا، اسی طرح governmentکی طرف سے جوابات آ رہے ہیں ، سب کو appreciate کریں گے۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ LPG کی importکو کم کرنا اور اپنے جو یہاں پر natural resources ہیں، انہیں dig out کرنا، انہیں explore کرنا یہ governmentکی priorities میں شامل ہے۔ اس کی تمام تفصیلات ہم ایوان کے سامنے رکھ دیں گے کہ جس میں یہاں new wells پر کام ہو رہا ہے، new explorationsہو رہی ہیں۔ کئی ایسی جگہیں ہیں جہاں الحمدللہ gas کے ایسے ذخائر پاکستان میں دریافت ہو رہے ہیں جو ہمارے لیے sufficient ہوں گے اور LPG کی import کی ہمیں ضرورت نہیں پڑے گی۔

جناب چیئرمین: .Thank you, Question No. 29 آپ اسی پر سوال کریں گے؟ جی بلال صاحب۔

(Q.No.29)

سینیٹر بلال احمد خان: .Thank you Mr. Chairman میں اپنے وزیر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ LPG کے حوالے سے ہمیں یہ بھی بتایا جائے future میں کہ پاکستان میں جو LPG produce ہو رہی ہے وہ کس کس جگہ کو دی جا رہی ہے اور کن pricesپر دی جا رہی ہے؟ دوسری بات یہ کہ جس طرح طلحہ صاحب نے بات کی کہ چترال میں دو LPG plants لگ رہے ہیں، تو یہ بھی ہمیں بتایا جائے کہ چترال کے علاوہ بلوچستان میں کس کس جگہ پر LPG کے plants لگ رہے ہیں؟ LPG air mix کے plant لگ رہے ہیں یا LPG plants لگ رہے ہیں جو bottle system کے تحت ہوں گے؟ وہ بھی ہمیں بتایا جائے کہ وہ کس کس جگہ لگ رہے ہیں اور کب لگ رہے ہیں؟ اور تیسرا، اس میں یہ چیز بھی مجھے بتا دیں کہ جو wellsابھی تک پاکستان کے جو Oil and Gas Authority یا ان کی جو companies ہیں، ان کے ابھی تک جتنے بھی wells successful ہو چکے ہیں، ان کے connections ابھی تک کیوں نہیں کیے گئے (جاری ہے۔۔۔۔۔T-02)

**T03–27Feb2026 Imran/ED: Shakeel 11:00 am**

سینیٹر بلال احمد خان: (جاری۔۔۔۔) اُن کی connectionsابھی تک کیوں نہیں کی گئی۔ وہ قومی pipelinesکے ساتھ ابھی تک connect کیوں نہیں کیے گئے۔ وہ بھی ہمیں بتایا جائے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Minister in charge.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب چیئرمین، معزز سینیٹر صاحب کے سوال کا جو آخری حصہ ہے، اُس حوالے سے میں عرض کروں گا کہ جوں جوں explorations ہو رہی ہیں اور جو گیس کے نئے ذخائر پاکستان میں دریافت ہو رہے ہیں، جب وہ اپنے کسی حتمی نتیجے پر پہنچتا ہے تو اس کے بعد اُنہیں فوری طور پر connect کر دیا جاتا ہے اور ابھی آپ دیکھیں کہ جو سوئی گیس کے نئے connections کی بڑے عرصے سے پاکستان میں بندش تھی، ہم نے موجودہ حکومت میں اور وزیر اعظم صاحب کا بھی یہ ایک بڑا اچھا initiative ہے جسے پوری قوم نے appreciate کیا ہے کہ وہ نئے connections اب کھول دیے گئے ہیں۔ تو لازمی بات ہے کہ ابھی system کے اندر جو ہماری گیس ہے، اُس کی production بڑھی ہے اور اُس کو eject کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے ابھی پورے پاکستان میں غالباً پانچ یا سات سال کے بعد سوئی گیس کے نئے connections پر سے پابندی اُٹھالی گئی ہے۔ یہ بھی اسی دور میں ممکن ہوا ہے اور تقریباً تین سے چار ماہ پہلے یہ پابندی اُٹھائی گئی ہے۔ جناب چیئرمین! ہماری حکومت کے تمام departments and ministries کی پوری کوشش ہے کہ ایوان میں جو بھی اعداد و شمار دیے جائیں وہ سو فیصد درست ہوں۔ لہٰذا جب figures کی بات آتی ہے کہ اس میں precisely کتنی amount government کو ملی ہے یا کتنی purchase ہوئی ہے، وہ چونکہ technical figures ہیں تو جناب چیئرمین، اگر اُس کے لیے ایک الگ سوال کیا جائے تو ہم وہ details دے دیں گے۔

جناب چیئرمین: انہوں نے سوال کیا تھا کہ بلوچستان میں کوئی نئی دریافت ہوئی ہے؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب، at the moment جو نئی دریافت ہوئی ہے میں اُس سے تو لاعلم ہوں لیکن اگر سینیٹر صاحب کہیں گے تو ہمارے department کے لوگ موجود ہیں، میں ساری بات check کر کے ان شاءاللہ in person اُنہیں reply کر دوں گا۔

Mr. Chairman: Ok. Fresh notice required for that. Leader of the Opposition, do you want to ask a question? Ok.

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): میرا سوال یہ ہے کہ پاکستان میں کن کن ممالک سے LPG import ہو رہی ہے اور کتنی مقدار میں ہوتی ہے؟

Mr. Chairman: Minister in charge. Please turn on the mic.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اگر متعلقہ منسٹر ہوتے تو وہ بہتر طریقے سے کر لیتے لیکن ہمارا ظاہر ہے کہ قطر کے ساتھ LPG کا ایک agreement ہے۔ جناب، میرا خیال ہے کہ زیادہ بہتر یہی ہے کہ متعلقہ منسٹر ہی اس کا جواب دیں۔ علی پرویز صاحب کسی لمحے بھی آ جائیں گے۔ ویسے یہاں ڈاکٹر صاحب بیٹھے ہیں۔ وہ اس پر میرے سے زیادہ بہتر بتا سکیں گے۔ ڈاکٹر صاحب پلیز آپ اس کا جواب دے دیں۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک (وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی ہم آہنگی): جناب! ہمارے ملک میں جو سرکار LPG لیتی ہے وہ competitive bidding کے ذریعے آتی ہے اور اُس میں جتنے بھی ممالک ہیں، عمان سے گیس آتی ہے اور دیگر ممالک سے LPG ہمارے ملک میں آتی ہے۔ اُس کے علاوہ ہمارا ایک mechanism ہے جس میں ہمارے neighborhood کے ممالک سے بھی formal طریقے سے LPG یہاں پر آتی ہے۔ کچھ LPG ہم خود produce کرتے ہیں، ہماری کچھ LPG refineries میں produce ہوتی ہے، کچھ wellheads پر produce ہوتی ہے اور باقی import ہوتی ہے۔ کوئی ایک ایسا ملک نہیں ہے جہاں سے آپ کہیں کہ ہماری LPG صرف اُسی ایک ملک سے آ رہی ہے۔ جناب، ہم جب import کرتے ہیں تو جہاں سے ہمیں بہتر price ملتی ہے، ہم وہاں سے لے کر آتے ہیں۔

جناب، ہر مہینے ایک price announce ہوتی ہے۔ سعودی عرب کا ایک system price announce کرتا ہے کہ LPG کی global and our regional price یہ ہو گی۔ ہماری وہ price یہاں پر طے ہو جاتی ہے۔ پھر جو ہماری اپنی گیس ہے وہ تو اُسی price پر بکتی ہے لیکن private sector کو جس جگہ سے بھی سستی گیس ملتی ہے، وہ لے آتا ہے اور جو prices یہاں پر سعودی عرب کی price کے مطابق announce ہوتی ہے، اُس کی مطابقت سے پھر وہ بیچتا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: Leader of the Opposition! ایک تو آپ کا mic on نہیں ہے۔ دوسرا میں آپ سے صرف ایک request کرنا چاہتا ہوں کہ normally تین سوالات کیے جاتے ہیں۔ تو اگر آپ تین سوالات تک محدود رہیں تو باقی دوستوں کو بھی موقع مل جائے گا۔ بہت شکریہ۔ سوال نمبر ۲۹، سینٹر جان محمد صاحب۔

(Q.No.29)

سینٹر جان محمد: جناب، سوال تو میں کر دیتا ہوں۔ منسٹر صاحب یہیں پر تھے اور عمومی طور پر جو توانائی کے منسٹر ہیں وہ موجود ہوتے ہیں لیکن۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر جان محمد: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، موجود ہیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، یہ collective responsibility ہوتی ہے۔

سینیٹر جان محمد: نہیں جناب، اس میں پھر ضمنی سوالات آ جاتے ہیں نا۔ جو collective responsibility ہے وہ پھر ضمنی سوال پر ہمیں کہتے ہیں کہ نیا question کریں۔ جناب، منسٹر صاحب یہاں موجود ہیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں جان صاحب، جیسے میں ہوں، میں پانچ چھ وزارتیں کر چکا ہوں تو مجھے سب چیزوں کا پتا ہوتا ہے۔ تو یہ سب بھی experienced لوگ ہیں۔

سینیٹر جان محمد: جناب، بہت اچھی بات ہے۔ میرا سوال یہ تھا کہ مکران کے لیے جو معاہدہ ہے، اُس کے تحت CDP-1 کے لیے 100 megawatts, جمی کے لیے بھی 100 megawatts, اسی طرح تفتان کے لیے 2 megawatts اور ماشکیل کے لیے 2 megawatts تھے۔ یہ ہمارا معاہدہ ہے۔ اس میں انہوں نے ماشکیل اور تفتان میں loadshedding یا کتنی بجلی آتی ہے، اس کا تو ذکر نہیں کیا ہے لیکن انہوں نے جن علاقوں کا ذکر کیا ہے ، ہمارا سو سو megawatts کا معاہدہ ہے لیکن میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ 100 megawatts میں سے بعض مہینے ہم نے صرف 24 megawatts لیے، بعض مہینوں میں 23 megawatts ہے اور بعض مہینے میں تو اس سے بھی کم ہے۔ آخر اس کی کیا وجوہات ہیں؟ کیا ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے یا کوئی اور وجہ ہے؟

Mr. Chairman: Minister in charge, Minister for energy.

جناب سردار اویس احمد خان لغاری (وزیر توانائی): بہت مہربانی جناب چیئرمین۔ ہمارا ایران کے ساتھ جو بجلی خریدنے کا relationship ہے وہ اِس قسم کا ایک معاہدہ ہے کہ ہمیں سال میں کم از کم ایک خاص number of units اُن سے خریدنے پڑتے ہیں۔ اگر ہم وہ یونٹ نہ خریدیں اور اگر ہماری ضرورت نہ ہو تو اُن units کی جو قیمت ہے، وہ ہمیں take or pay basis پر ادا کرنی پڑتی ہے کیونکہ اُسی کی basis پر transmission lines انہوں نے بھی بچھائی ہیں اور ہم نے بھی بچھائی ہیں۔

اب ہمارے پاس ایران کے ساتھ بجلی کی جو آمد ہے، اُس کے دو راستے ہیں۔ ایران سے وہ دو مختلف points ہیں جہاں سے بجلی ہماری transmission lines کے اندر آ کر شامل ہوتی ہے۔ ایک south میں ہے جو گوادر اور اُن areas کی طرف چلی جاتی ہے اور ایک جو northern Makran ہے، اُس کو feed کرتی ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان کا جو اپنا national grid ہے، اُس سے بھی یہ تمام علاقے electrified ہیں۔ جب پاکستان کے national grid کی voltage اور اُس کی long transmission lines کی basis پر load area نہیں اٹھا سکتا تو ہم ایران سے بھی اُٹھاتے ہیں اور اگر load اُٹھا بھی سکتا ہو اور اگر load زیادہ ہو تو ہم ایران سے in any case اپنے معاہدے کو پورا کرنے کے لیے بجلی لے رہے ہوتے ہیں۔

ایران میں intermittency ہے۔ ایران سے جو power آتی ہے تو اُن کے کئی ایسے بھی موسم ہوتے ہیں، summer وغیرہ میں جب اُن کے پاس ہمیں دینے کے لیے spare power نہیں ہوتی۔ ہمارا اُن کے ساتھ معاہدہ X number of units per year کا ہے اُن کے پاس یہ flexibility ہے کہ جب دنوں میں اُن کو خود بجلی کی ضرورت ہو گی اور اُن کے پاس excess نہیں ہو گی تو وہ ہمیں provide نہیں کر سکیں گے۔ دوسرا، ایران کی جو بجلی ہے اُس کے اندر intermittency بہت ہے یعنی اُس کے اندر fluctuation اور voltage کے معاملات کہ کبھی on ہونا اور کبھی off ہونا، اس کی وجہ سے بھی ہمارا مکران کا علاقہ اور خاص طور پر جو گوادر کی development ہے، because of its reliable source of electricity وہ بھی نہیں ہو سکی۔

ایک سال پہلے یا سات آٹھ مہینے پہلے Prime Minister نے ہمیں instructions دیں اور ہم نے الحمدللہ اب ایک ایسا solution پیدا کر لیا ہے اور اُس کی وزیر اعظم صاحب نے approval بھی دے دی ہے اور تقریباً اپریل کے مہینے میں اُس کے اشتہارات بھی چھپیں گے اور اگلے سال تقریباً فروری، مارچ یا مئی کے مہینے تک گوادر میں پاکستان کی سب سے reliable electricity ، گوادر کے جتنے بھی critical grids ہیں، جہاں آپ کی port development ہے، جہاں industrial development وغیرہ ہو رہی ہے، وہاں ہم سب سے reliable power provide کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے۔ تو یہ جو areas ہیں جہاں ان کی fluctuation کی بات کی کہ totally transmission اور وہاں کی جو economic loadshedding کے بعد کی جو power requirements ہیں کیونکہ وہاں high loss والے feeders میں economic loadshedding بھی ہوتی ہے، تو اُس کی وجہ سے بھی یہ fluctuations آتی رہتی ہیں۔

جناب چیئرمین: جی شکریہ۔ دنیش کمار صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: منسٹر صاحب! میرا سوال یہ ہے کہ ہم مکران کے لیے اور تفتان کے لیے ایران سے بجلی لے رہے ہیں اور بقول آپ کے کہ اب ہم گوادر میں بنانے جا رہے ہیں۔ تو ہم ایران سے کتنے سالوں سے بجلی لے رہے ہیں اور اس کی کیا وجہ ہے کہ ابھی تک ہم اپنے national grid کو وہاں نہیں لا سکے ہیں۔ جناب، آپ سے میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ جو ہم ایران سے بجلی خریدتے ہیں تو کیا اُس کے rates IPPs سے زیادہ ہیں یا کم ہیں؟

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب سردار اویس احمد خان لغاری: جناب، ہم ایران سے بجلی کیوں لیتے ہیں اور ابھی تک national grid کو وہاں تک کیوں نہیں لے کر جا سکے تو national grid آپ کے پورے پاکستان میں including Gwadar and norther Makran وہاں available ہے۔ (جاری-----T04)

**T04-27Feb2026 Abdul Ghafoor/Ed: Waqas 11:10 am**

جناب چیئرمین: (جاری---) منسٹر صاحب۔

سردار اویس احمد خان لغاری: (وزیر برائے توانائی) جناب چیئرمین! ہم لوگ ایران سے بجلی کیوں لیتے ہیں اور نیشنل گرڈ کو ادھر کیوں نہیں لے کر گئے؟ نیشنل گرڈ پورے پاکستان کے اندر including the Gwadar and Northern Makran وہاں پر available ہے۔ نیشنل گرڈ کے اندر کبھی-- کیونکہ وہ چھ سات سو کلومیٹر کی لمبی transmission line ہے from a certain point وہاں پر جب کوئی issues or terrorism ہوتی ہے تو وہاں کا ایک پول اڑا دیا جاتا ہے اس کی وجہ سے نیشنل گرڈ سے پورا area completely cut off ہو جاتا ہے۔

جناب والا! دوسرا جب ہمارے مکران ڈویژن کا load increase ہوتا ہے تو transmission line اتنی لمبی ہے کہ اس کے اندر voltage drop آتا ہے اور وہ خاص load سے beyond load کو cater for نہیں کر سکتا۔ اب اس کے لیے ایک اور option تھا کئی سال پہلے کہ transmission lines کو 132 kv یا 220 kv سے اٹھا کر 500 kv کی line لگا لیں تاکہ voltage drop نہ ہو اور اس area کو feed کر سکے۔ وہ transmission lines وہاں کے load کے لیے کوئی economic

sense make نہیں کرتا تھا۔ ان کے تقریباً دو سو سال کے اندر جا کر پیسے پورے ہونے تھے اور پورے گرڈ کے اوپر undue burden آتا۔ اس لیے ایران سے access to power زیادہ آسان تھا۔ اس کی transmission lines بہت کم لگانی پڑی تھیں اور ہم نے اس لیے ایران سے بجلی کو import کرنے کا فیصلہ اس وقت کیا۔ اب ایران کی بجلی اور نیشنل گرڈ کی بجلی دونوں کو اگر ملائیں اکھٹے پھر بھی ایسے instances آتے ہیں جہاں گوادر کے critical grids کم از کم چار سے چھ ہیں جن کے اندر گوادر پورٹ کی development وہاں کے desalination plants کا چلنا وہاں کے water issues کا حل ہونا وہاں کے industrial area کو کم از کم ایک chance دینا کہ properly expand کر سکے اور وہاں لوگ unit لگائیں اس کے لیے reliable power کی ضرورت ہے۔

جناب والا! یہ جو system ہم لگا رہے ہیں آپ کو یاد ہے کہ پہلے CPEC کے تحت ایک 300 MW کا coal-fired plant لگنا تھا جس کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ وہ بہت زیادہ overcapacity ہوتا اور پورے پاکستان کی بجلی کے rate کو اوپر لے کر جاتا۔ ابھی اس وقت ہم نے اگلے چار سے پانچ سال کا load assess کیا گوادر کے لیے ان کی critical economic development grids کے لیے تقریباً 40 to 50 MW ہے۔ ہم اس وقت 100 percent reliability battery energy storage system and a second-hand low cost generator کے ذریعے گوادر کے اس area کو پورا supply کرنے کے لیے system لے کر آ رہے ہیں۔ جس سے نہ زیادہ لوگوں پر قیمت اور نہ پورے grid کے اوپر فرق پڑے گا لیکن گوادر 100% reliable energy ان شاءاللہ اگلے سال provide کر رہا ہوگا جو کہ ایک بہت بڑا milestone ہوگا۔ یہ کوئی مزاق کی بات نہیں ہے۔ لوگ کہتے رہتے ہیں conspiracy theories کہ گوادر کو کبھی develop ہی نہیں ہونے دیا اور power اس کا ایک بہت بڑا factor رہ گیا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ with Prime Minister’s instructions, by February and March of next year Gwadar will have even more reliable power than Lahore, Karachi and Faisalabad. So I can assure the House of that.

Mr. Chairman: Last question.

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! IPP سے مہنگی نہیں ہے۔ IPPs کے اندر transmission cost بھی ہے، transmission lines کی بھی cost ہے، ایران کی energy cost بھی ہے۔ یہ IPP سے زیادہ مہنگی بجلی نہیں ہے۔ یہ depend کرتا ہے کہ آپ کون سے IPPs کی بات کر رہے ہیں۔ کچھ IPPs ایسے ہیں۔۔

جناب چیئرمین: آخری سوال سینیٹر جان محمد صاحب۔ جی۔

(مداخلت)

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! ناں، exact میں کوئی غلط بات نہیں کرنا چاہ رہا اور کچھ IPPs اگر furnace IPPs and diesel generation کو دیکھیں اس کی مختلف costs ہیں، اس لیے آپ IPPs کہہ سکتے ہیں۔

Mr. Chairman: Fresh notice required.

Sardar Awais Ahmad Khan Leghari: yes, sir. Thank you.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (لیڈر آف دی اپوزیشن) ہمارا ایران کے ساتھ جو معاہدہ ہے، اس میں بعض اوقات ہمیں بجلی ضرورت ہوتی ہے وہ ہمیں نہیں دے پا رہے لیکن ان کو اپنی ضرورت ہوتی ہے، ہمیں ضرورت نہیں ہے۔ یہ معاہدہ کب تک ہے؟ یہ کتنے عرصے کے لیے ہے؟ unlimited وقت کے لیے ہے، مثلاً دس سال، تیس سال چلے گا؟ نمبر دو آپ جانتے ہیں کہ وہ علاقہ جہاں دھوپ بہت زیادہ ہے اور ہوا بھی بہت چلتی ہے وہاں solar energy کا کیوں بندوبست نہیں کیا جاتا؟ خود آپ کے ہمسایہ ملک ایران میں تقریباً 8000MW سے اوپر solar سے کر رہے ہیں اور wind کے ذریعے energy پیدا کر رہے ہیں۔ ہم کیوں نہیں وہاں یہ کرتے؟ ہماری solar energy کی ضرورت اتنی زیادہ بھی نہیں جیسے آپ کہہ رہے ہیں۔ ہم solar کی طرف کیوں نہیں جاتے۔ وہاں پر wind energy کی طرف کیوں نہیں جاتے؟

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! یہ ایک اور issue ہے لیکن میں اس پر خوشی سے بات کر لوں گا جناب لیڈر آف دی اپوزیشن صاحب نے بات کی ہے۔ solar energy کی طرف حکومت پاکستان اور حکومت بلوچستان نے مل کر پچھلے چھ سے سات مہینے میں بلوچستان کے اندر بہت aggressive program implement کر چکی ہے۔ ہم تقریباً پچھلے آٹھ سے نو مہینے میں 28000

بلوچستان کے اندر جو tube wells کے ساتھ grid connected تھے ان سب کو solarize کر چکے ہوئے ہیں۔ جس کی وجہ سے اربوں روپے کا نیشنل گرڈ اور وہاں کے زمیندار کو بھی فائدہ پہنچا ہے۔ تقریباً پچپن ارب روپے کی investment کی ہے جس کا return تقریباً پینتیس سے چھتیس ارب روپے سالانہ بچت کی صورت میں ہوگا۔ Solar parks کیوں نہیں لگاتے؟ جہاں جہاں سب سے سستی قیمت کے اوپر بجلی لگے گی آئندہ۔ میں آپ کو بڑا clearly بتاؤں کہ پاکستان کی حکومت اب procurement کے business سے باہر آ چکی ہوئی ہے۔ آج سے کئی دن پہلے ہم نے competitive market کے ذریعے CTBCM achieve کر لیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ قانونی طور پر حکومت بجلی utility scale کے اوپر یا کسی بھی scale کے اوپر مزید نہیں خریدے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب جس کسی bulk buyer کو یا جس distribution company کو بجلی کی ضرورت ہو گی وہ competitive suppliers کے ذریعے اپنی بجلی خریدے گی جس کے اوپر capacity payment کا بوجھ ہم نے ماضی میں اٹھایا وہ نہیں ہوگا۔ آئندہ جو market کو سب سے سستی بجلی چاہے وہ solar, wind, battery energy storage systems ہوں کوئلہ ہو، furnace oil ہو یا diesel ہو irrespective of any technology سب سے سستی جس علاقے میں پڑی ہو گی automatic اس کی procurement grid کے اوپر آ سکے گی۔

Mr. Chairman: Please order in the House. Senator Mashal Azam shaiba, Q.No.31.

Senator Mashal Azam: Mr. Chairman! Thank you very much.

Mr. Chairman: Three questions have been asked.

باقی رہ جائیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: انہوں نے اتنا تفصیل سے دیا ہوا ہے۔ کون سا جواب نہیں آیا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: وہ تو انہوں نے بتائی ہے۔ آپ کا مائیک نہیں کھولا ہوا۔

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایران کی طرف سے کوئی کمی نہیں ہے۔ یہاں پر بتایا گیا ہے۔ جہاں تک grid کا تعلق ہے ہم national grid سے مکران کو منسلک کرتے ہیں اس میں problem ہے۔ جب بھی اس کو grid سے منسلک کرتے ہیں تو لوگوں کے فریج، ٹی وی سارے جل جاتے ہیں۔ ان کا system بالکل fail ہے۔ یہ باتیں بڑی بڑی ہیں کہ گوادر کو کہاں پہنچائیں گے، ابھی گوادر پینے کے پانی کے لیے بیچارہ ترس رہا ہے لیکن اس کو مل نہیں رہا ہے۔

Mr. Chairman: You stick to your question.

منسٹر صاحب، انہوں نے کہا کہ جو ہم نے سوال پوچھا اس کی وضاحت نہیں ہوئی۔ میں تو سمجھتا ہوں آپ نے کر دی ہے اور بڑی تفصیل سے بات کی ہے۔ اگر آپ چاہیں گے تو پھر تفصیل سے جواب دے دیتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: باقی سوال deprived ہو جائیں گے۔

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! میں آپ کی سمجھ کو سلام پیش کرتا ہوں، آپ کی بڑی مہربانی ہے۔ thank you so much sir. آپ اگر satisfied ہیں تو پھر معزز ممبر کو میں کس طرح satisfy کر سکتا ہوں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: معزز ممبر کا satisfied ہونا ضروری ہے۔

(مداخلت)

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! معزز جان صاحب سے گزارش ہے کہ روزہ بھی ہے میں ایک ہی چیز کو تین تین مرتبہ کیا repeat کروں گا۔

جناب چیئرمین: وہ یہ کہتے ہیں کہ وہاں۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میں سمجھا دیتا ہوں وہ یہ کہتے ہیں کہ جب بجلی fluctuate ہوتی ہے اس سے ان کی کئی چیزیں ضائع ہو جاتی ہیں electric appliances etc., اس پر آپ کے پاس جواب ہے؟

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! میں نے اپنے اتنے لمبے بیان کے اندر یہ چیز clarify کی ہے کہ جب اس ڈویژن کا load increase ہوتا ہے تو نیشنل گرڈ کی line چونکہ لمبی 220KV کی ہے تو اس line کے اوپر 132 KV کی بھی ہے، voltage

voltage آتی ہے۔ جب تک ایران کی بجلی آپ کے پاس آ رہی ہوتی ہے، اس وقت تک مکران ڈویژن میں fluctuation

fluctuationکاissue نہیں ہوتا۔ (جاری۔۔۔T05)

T05-27Feb2026 Tariq/Ed: Waqas. 11:20 am

سردار اویس احمد خان لغاری۔۔۔(جاری)۔۔اس وقت تک مکران ڈویژن میں voltage fluctuation issue نہیں ہوتا، جب ایران کی بجلی نہیں آتی اور اس وقت آپ اپنے نیشنل گرڈ کی بجلی کو یہاں لے کر آتے ہیں تب voltage fluctuations ہوتی ہیں اور انہی voltage fluctuations کو handle کرنے کے لیے ہم نے ایران کی بجلی لی ہے۔

میں ایک اور چیز عرض کروں کہ ایک ہی وقت میں ایران کی اور نیشنل گرڈ کی بجلی بھی نہیں چل سکتی کیونکہ ان کی frequency of electricity اور ہماری frequency کے اندر synchronization issues ہیں جو کہ technically resolvable نہیں ہیں، so we have to keep either the electricity from Iran or for a certain number of grids and isolate them from the rest of the grid یا ہمیں اپنے نیشنل گرڈ کی بجلی لینی پڑتی ہے۔ معزز سینیٹر کی یہ بات کہ voltage fluctuations ہیں اس میں کوئی شک نہیں ہے لیکن اس وقت voltage fluctuations ہیں جب ایران out ہوتا ہے۔ ایران کی بجلی میں shortfall کوئی نہیں ہے، ان کا ہمارے ساتھ معاہدہ ہے کہ وہ اتنے ارب یونٹ سالانہ ہمیں مہیا کریں گے، اس میں کوئی shortfall نہیں ہے لیکن اس کی provision کو جو timetable ہے کبھی ان کی off ہوتی ہے اور کبھی on ہوتی ہے، کبھی ان کی shortfall ہوتی ہے وہ نہیں دے سکتے، کبھی ان کے technical issues ہوتے ہیں، جب وہ ہمیں بجلی دیتے ہیں تو ہم معاہدے کے تحت ان سے خریدتے ہیں اور ہم تین ارب یونٹس سے زیادہ خریدتے ہیں۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو ایک چھوٹا سا مشورہ دوں۔ میں بچپن میں وزیر بن گیا اس وقت محمد خان جونیجو صاحب وزیراعظم تھے تو مجھے کہنے لگے کہ تین questions ہوتے ہیں، آپ لمبا answer نہ دیا کریں، ایک سوال کا ایک لفظ میں جواب دے دیں، پھر دوسرا کریں گے تو دوسرا دے دیں، تیسرا کریں گے تو وقت ختم ہو جائے گا تو اگر آپ زیادہ detail میں جائیں گے تو اس کے لیے میرا خیال ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: Now I will give the floor to Senator Mashaal Azam اور اس کے کئی procedure ہیں۔ سینیٹر منظور صاحب آپ باقیوں کو deprive کر رہے ہیں۔

سینیٹر منظور احمد: جناب چیئرمین! وزیر صاحب نے جو وضاحت پیش کی ہے لیکن اس کا کوئی حل تو ہو گا۔ ہم کب سے سن رہے ہیں کہ ہم ایران سے بجلی لے رہے ہیں، ہم جو اپنی بجلی پیدا کرتے ہیں جو ہمارا نیشنل گرڈ ہے، مطلب ہم اتنے نااہل ہیں کہ ہم کچھ اضلاع کو بجلی نہیں دے پا رہے ہیں۔ اگر ایران سے بجلی trip ہوئی تو یہاں لوگ عذاب میں پڑ جاتے ہیں۔ کیا اس کا کوئی solution ہے؟ یا ہم انہی باتوں تک رہیں گے کہ اگر ایران سے ہم اربوں یونٹس بجلی لے رہے ہیں تو آپ کیوں اربوں یونٹس لے رہے ہیں؟ آپ نے اس کے لیے کچھ کیا ہے، آپ کے پاس اس بابت کوئی پالیسی ہے، آپ نے اس میں کوئی ترمیم کی ہے، آپ نے اس میں کوئی کام کیا ہے یا لوگ اسی طرح اللہ کے حوالے چھوڑے ہوئے ہیں پھر وہی بات آ جاتی ہے کہ ہم رونا روتے ہیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب میں آپ سے ایک گزارش کروں کہ اس کے لیے صرف question hour نہیں ہوتا، کوئی اور procedures ہیں جس کے تحت آپ move کر سکتے ہیں، آپ motion 218 پر آ جائیں تاکہ زیادہ debate ہو سکے، اب بہت سے questions رہ جائیں گے۔ اگلا سوال سینیٹر مشعال اعظم صاحبہ، question No.31.

(Q.No.31)

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مشعال اعظم: شکریہ، جناب چیئرمین! میرا سوال بھی وزیر برائے انرجی، پاور ڈویژن سے صوابی میں جاری لوڈ شیڈنگ کی تباہ کن صورت کے حوالے سے ہے کہ صوابی خود power generation میں تربیلا ڈیم کی وجہ سے پاکستان کا سب سے بڑا ضلع ہے لیکن وہاں پر بارہ سے سولہ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ چل رہی ہے۔ کیا حکومت کو یہ بات پتا ہے اگر منسٹری کو یہ بات پتا ہے تو انہوں نے اس حوالے سے کیا اقدامات کیے ہیں اور کب تک وہ اس صورت حال کو take over کر سکتے ہیں؟

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب، صوابی کے بارے میں کہتی ہیں کہ وہاں پر بارہ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے، at random آپ جواب دے سکتے ہیں؟

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! آپ کے حکم کے مطابق ہاں یا ناں میں جواب دینے کی اجازت ہے؟

جناب چیئرمین: آپ وہ دے دیں۔

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! صوابی کا پاکستان کی بجلی کی پیداوار میں ایک role ہونے کا بجلی کی economic load-shedding کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہاں ایک hydel power station تربیلا کے نام سے ہے جو کہ بہت بڑا ہے، ہم اس علاقے کے بہت مشکور ہیں جس جس نے اس میں contribute کیا ہے۔ اس کا بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہمارا ایک بڑا transparent and clear rule ہے جس پر ہم عمل کرتے ہیں کہ آپ کا بجلی کا فیڈر ایک خاص amount of loss سے زیادہ کر رہا ہوتا ہے جس کے اندر ہمارا اسٹاف بھی ملوث ہوتا ہے، وہاں کے لوگ بھی کنڈیاں لگا رہے ہوتے ہیں، انہیں ہم ایک خاص amount of hour سے زیادہ بجلی فراہم کریں گے تو جن نقصانات کی دن رات بات ہوئی ہے کہ یہ پالیسی نہ بناؤ، وہ پالیسی نہ بناؤ، پہلے نقصانات کو ٹھیک کرو، نقصانات کو کم کرو تو وہ نقصانات کم نہیں ہوں گے۔ ہم نے اور options بھی دیکھنے ہیں کہ اگر لوگوں کی پوری commitment, ownership اور دستخط ہوں تو ہم پورے پورے فیڈرز کو disconnect کرکے ان کو بجلی سے لاتعلق کرکے ان کو solar solutions provide کرنے کا ایک pilot project run کر رہے ہیں۔ ان ہی کی خیبر پختونخوا میں حکومت ہے جب پچھلے چیف منسٹر صاحب تھے تو ان کے ساتھ مل کر، ان کی زبان دینے کی بنیاد پر ہم نے خیبر پختونخوا کے کوئی 80 فیڈرز کو مکمل چوری ہونے کے باوجود 24 گھنٹے بجلی دی، ان کی شرط یہ تھی کہ اگر بجلی دوگے تو میں لوگوں کو قائل کروں گا کہ وہ بجلی کے بل دیں۔ نہ کسی نے بجلی کے میٹر لگوائے اور نہ ہی کسی نے بجلی کے بل دیئے اور ان 80 فیڈرز کے اوپر ہمیں ساڑھے چھ ارب روپے کا صرف ڈیڑھ ماہ کے اندر مزید نقصان ہوا تو economic load-shedding کی بنیاد پر ہی کچھ علاقوں میں load shedding کی جاتی ہے۔ کئی علاقوں نے اپنے آپ کو improve بھی کیا ہے جن کی اٹھارہ یا بارہ بارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی تھی وہ آج دو یا چار گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ پر آ گئے ہیں کیونکہ وہاں کے consumers نے situation realize کرکے improve کر لیا ہے۔

جناب چیئرمین: کوئی solution ہے کہ یہ بھی بارہ گھنٹوں کی لوڈ شیڈنگ سے کم پر آ جائیں۔

سردار اویس احمد خان لغاری: جی جناب اب اور بھی improve کریں گے تو دو گھنٹے پر آ جائے گی ان شاء اللہ۔

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔ جی آپ نے اور ضمنی سوال کرنا ہے؟

سینیٹر مشعال اعظم: شکریہ جناب چیئرمین! مجھے نہیں سمجھ آتی کہ منسٹر صاحب نے بڑا عجیب و غریب قسم کا جواب دیا ہے۔ ان کو شاید پتا نہیں ہے کہ صوابی نے اپنا آدھے سے زیادہ ضلع power generation کے لیے دیا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ سوال کریں، آپ speech نہ کریں۔

سینیٹر مشعال اعظم: Let me ask the question sir, کیونکہ میں نے ان سے جو سوال کیا ہے تو سینیٹر صاحب والی بات کہ انہوں نے اس کا 10% بھی respond نہیں کیا ہے۔ انہوں نے خود جو رپورٹ جمع کی ہے اس کے مطابق پورے صوابی ضلع میں بارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ میرا ان سے سوال یہ ہے چونکہ تربیلا ڈیم صوابی میں ہے، سب سے بڑا power generation کا ضلع ہے، آپ ہمیں بتائیں کہ یہ صورت حال کیوں ہے۔ آپ نے اس کے حوالے سے کیا اقدامات کرنے ہیں۔ یہ سوال کرنا کہ وہاں پر یہ صورت حال ہے اور ایسا کریں تو دو گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہو جائے گی، جناب میرے خیال میں یہ بڑا non-serious جواب ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! اسی لیے ملک میں ایک بات مشہور ہو چکی ہے اور ہر ایک کی زبان پر ہے کہ اگر کوئی چیزوں کو سمجھنا ہی نہ چاہے تو کسی قسم کا جواب بھی نہیں سمجھا سکتا۔ میں نے بڑا clearly عرض کیا ہے، آپ please ابھی میری دو منٹ پہلے والی recording نکال کر میری statement کو replay کریں، ان کے تمام سوالات کے جوابات بیچ میں ہیں۔ صوابی کے حالات شاید ان سے زیادہ مجھے پتا ہیں کیونکہ وہ میرا ننھیال ہے۔ وہاں ایک گاؤں ہے زیدہ، جس کے ساتھ ایک رانا ڈھیری گاؤں ہے، وہ میری والدہ کا گاؤں ہے، میں شاید ان سے زیادہ وہاں مہینے میں جاتا ہوں گا تو ہمیں پتا ہے کہ کتنی لوڈ شیڈنگ ہے۔ میں نے جو عرض کیا ہے کہ ایک تو پورے صوابی ضلع میں بارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ نہیں ہے، that is factually incorrect Mr. Chairman, جن فیڈرز کے اوپر economic losses 80% سے زیادہ ہیں وہاں پر بارہ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہے اور وہاں بارہ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ رہے گی جب تک losses بہتر نہیں ہوتے۔ دوسرا میں دوبارہ عرض کر رہا ہوں کہ اگر ایک ضلع، صوبہ یا ایک تحصیل زیادہ بجلی پیدا کر رہی ہے اس کا economic load-shedding کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔۔۔ (جاری۔۔T-06)

جناب سردار اویس احمد خان لغاری: (جاری۔۔۔۔) اگر ایک ضلع، صوبہ یا ایک تحصیل بجلی زیادہ پیدا کر رہی ہے اس کا economic load sheddingکے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ کئی ضلعے ایسے ہیں جو بجلی نہیں produceکر رہے اور ان کے feeders economic lossesنہیں کر رہے ان کو پوری بجلی دی جا رہی ہے۔ کئی ضلعے ایسے ہیں جہاں بجلی بن رہی ہے ان کے کئی feedersکو پوری بجلی دی جا رہی ہے، کئی کو نہیں دی جا رہی۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب آپ نے ایک lineمیں جواب دے دیا ہے کہ 12 hoursکی load sheddingنہیں ہو رہی۔

جناب سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! بہت مہربانی 12 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ نہیں ہو رہی، ہو بھی رہی ہے اور نہیں بھی ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ نے جواب میں جو لکھا ہے اس کو correctکرادیں۔ لکھا ہوا ہے؟

**(مداخلت)**

جناب سردار اویس احمد خان لغاری: 57 feeders میں 45 feedersکے اوپر 80% سے زیادہ economic lossesہیں تو میں نے تو کہا کہ پورے ضلعے میں 12 گھنٹے نہیں ہو رہی۔ 47 out of 55 کیا ہوتا ہے، پورا ضلع ہوتا ہے؟ پورا ضلع تو نہیں ہوتا I am factually correct, she is factually incorrect.

جناب چیئرمین: مندوخیل صاحب last questionہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میرا منسٹر صاحب سے ضمنی سوال یہ ہے کہ جس طرح ہمارے آئین میں لکھا گیا ہے کہ جس صوبے یا جس علاقے سے جو قدرتی وسائل ہیں پہلے اس علاقے کو serveکرنا ہے۔ کیا یہ ہمیں بتا سکتے ہیں کہ اس میں ریٹ کے کوئی differencesہیں کہ جو صوابی سے بجلی پیدا ہوتی ہے اس علاقے کو کس priceپر بجلی دی جاتی ہے اور اس بجلی کو جو پاکستان کے دیگر علاقوں تک پہنچایا جاتا ہے، اس کو کس priceپر دیا جاتا ہے؟ کیا ایسا کوئی mechanismہے کہ جس سے جس علاقے سے جو چیز produceہوتی ہے وہاں اس کی priceکم ہو۔ دوسری بات یہ کہ منسٹر صاحب نے جو یہ بات کی کہ 45

کے قریب feedersکا کہہ رہے ہیں، منسٹر صاحب یہ بھی بتائیں بتا دیں کہ ان feeders پر جو چوری ہو رہی ہے یا اس کے جو lossesہو رہے ہیں، اس کو ٹھیک کرنا عوام کا کام ہے یا محکمے کا کام ہے اگر محکمے کا کام ہے تو کب تک ٹھیک کریں گے؟

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

جناب سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! ہماری electricityکا پورا جو systemہے اس کے اندر پورے ملک کا ایکrate ہے۔ ہر slabکا ایک rateہے اس میں کوئی اس قسم کی distinctionنہیں ہے کہ جہاں سے produceہو رہی ہوگی اس کو کوئی royaltyکے تحت ملے گی۔ ان کو Water usage charge and Net Hydel Profitکے ذریعے ان صوبوں کو اور ان علاقوں کے جو پیسے ہیں وہ tariff کے اندر includedہیں، وہ دیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ tariff کے اندرchanges ہمارے کسی بھی electricity systemکے اندر نہیں ہیں۔ دوسرا سوال ہے کہ یہ ذمہ داری کس کی ہے؟ یہ ذمہ داری دونوں کی ہے یہ صرف محکمے کی ذمہ داری نہیں ہے۔As socially responsible citizensہمارا بھی کام ہے کہ ہمارے اگر محلے کے اندر کسی نے کنڈی لگائی ہوئی ہے تو consumer informکر کے ہمیں بتائیں۔ ہمارے جو metre readersہیں جو کہ اندر ملوث ہوتے ہیں۔ ہمارا بھی قصور ہے کہ ہم اپنےmetre readersکوconstantlyاپنا جو governance systemہےاس کو اس طرح نہیں implementکر سکے جس کے ذریعے metre readersکی efficiencyاور جو line-manکی efficiencyہے وہ بہتر ہوسکے۔ ہم لوگ technology introduceکر رہے ہیں اگلے ایک دو سالوں میں بہت high end technologyجس کے اندر بہت بہتر efficiencyآئے گی۔

جناب چیئرمین! ہم نے پچھلے ایک سال میں یہ حقیقت ہے، یہfact ہے اس سے کوئی denyنہیں کر سکتا، چاہے کوئی مانتا چاہے یا نہ ماننا چاہے اس کا درد سر ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ چوری اورrecoveriesکی مد میں 586 ارب کا نقصان ہماری Distribution Companies 2024-25 میں،2023-24 میں 586 ارب کا نقصان انcompanies نے کیا۔ ایک سال کے اندر شہباز شریف صاحب کی اور اس حکومت نے ایک سال کے اندر میں اپنی بات نہیں کرتا کیونکہ whole of the government effortتھا یہ اگر تمام ادارے provincial governmentsوغیرہ effortsنہ کرتیں تو ہم یہachieve نہ کر سکتے۔ 586 سے کم کر کے 397 ارب تک ہم نقصان کو لے آئے ہیں۔ Finance Ministerادھر بیٹھے

ہیں ان سے پوچھیں جو 1260 ارب روپے کا ہم لوگ ان کے اوپر بوجھ تھے وہ اسی سال ہم نے tax paysکے اوپر 893 ارب روپے کے اوپر لا کر کھڑا کیا۔ ہم نے اتنی بہتری کی یہ ہماری بھی ذمہ داری ہے اور لوگوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ چوری نہ کریں۔

جناب چیئرمین:.Question No.30جام صاحب۔ یہ سوالmissہو گیا تھا؟

Question No.30. answer taken as read.

(Q.No.30)

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! اس میں میں نے پوچھا تھا کہ ایک تو یہ بتایا جائے کہ کن کن علاقوں میں لوڈ شیڈنگ ہے اور کتنی ہے؟ تعجب ہوگا جس میں میرا sub-divisionہے بلیدہ میں 19 گھنٹے، ناصر آباد میں19 گھنٹے،تمپ میں 19 گھنٹے، بالیچہ میں19 گھنٹے، گومازی میں 19 گھنٹے، کاٹگری میں تو 21 گھنٹے load shedding ہوتی ہے۔ اسی طرح ڈنڈار میں 19 گھنٹے، لوڈشیڈنگ کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔ یہ ہے لوڈ شیڈنگ کی صورت حال، اس کا جواب ان کو دینا ہو گا۔

دوسرا انہوں نے کہا ہے کہ سال 2024-25میں مجموعی طور پر صرف چھ کروڑ روپے خرچ کیے وہ کہتے ہیں ہم بہتری لا رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں new grid stationsکے قیام کے لیے ہمارا سلسلہ جاری ہے ہم فوری طور پر منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ کب کریں گے اور ان کو بہتر کیسے کیا جائے گا؟ جہاں21 گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے تو آپ نہیں دے رہے ہیں۔ 19 گھنٹے لوڈ شیڈنگ یعنی یہ تو آپ نے مان لیا ہے وہاں practicallyتو اس سے بھی زیادہ ہے یہ صورت حال ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

جناب سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! مجھے ضمنی سوال سمجھ نہیں آیا۔ آپ نے کیا کہا کہ یہ grid stationsکب تک بنیں گے؟ باقی توstatement تھی۔ ایک گھنٹہ ہو گیا ہےquestion hourکو۔

جناب چیئرمین: یہ آخری سوال ہے اس کے بعد ختم ہو رہا ہے۔ جان صاحب آپ ایک جملے میں سوال کریں۔

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! اس میں ضمنی سوال ہوتے ہیں پھر میری باری نہیں آتی تو میں نے تینوں سوال ایک ساتھ کر دیے۔ کیونکہ سوال ہوتے ہیں اگر میں ایک چیز پوچھوں گا تو وزیر صاحب اتنی تفصیل سے جواب دیتے ہیں، ہمارے دو چار وزیر ہیں وہ اتنی تفصیل بتاتے ہیں کر رہے ہیں کہ سارا وقت اسی میں چلا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: Question hour ختم ہونے والا ہے آپ سوال کریں۔

سینیٹر جان محمد: میں نے پوچھا کہ ایک تو آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم نئے grid stations بنا رہے ہیں اس صورت حال کو بہتر کر رہے ہیں وہ کب تک کریں گے اور وہ کون سے ہیں؟ دوسرا 25-2024 میں انہوں نے جو پیسے خرچ کیے اس کو بہتر کرنے کے لیے وہ صرف چھ کروڑ روپے ہیں، صرف چھ کروڑ میں اس کو آپ بہتر کر سکتے ہو؟ تیسرا اس کا portion یہ تھا میں نے اپنے علاقے کی list دی جہاں 21 گھنٹے، 19 گھنٹے، 18 گھنٹے یہ مان رہے ہیں کہ ہم لوڈ شیڈنگ کر رہے ہیں۔ میں نے پوچھا ہے کہ وہ جو نہیں مانتے ہیں practically کیا ہوتا ہے وہ بالکل اس سے مختلف ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب چونکہ question hour ختم ہو گیا ہے مگر آپ جلدی سے جواب دے دیں۔ ضمنی سوال نہیں ہو گا۔ Question hour is over.

جناب سردار اویس احمد خان لغاری: جناب چیئرمین! جب تک آپ کا حکم نہ ہو میں تو obliged ہی نہیں ہوں question hour کے beyond جواب دینے کا۔

جناب چیئرمین: Please take your seats. یہ جواب دے دیں چونکہ question hour ختم ہو گیا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: محسن عزیز صاحب نے resign کر دیا ہے اس لیے committees non-functional ہیں۔ میں Leader of the Opposition سے گزارش کروں گا کہ ان کو committees میں واپس لائیں۔ آپ committees میں واپس آئیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the house.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! سارے ایک وقت میں نہ بولیں، پہلے بھی کہا کہ ایک وقت پر ایک بولے۔ یہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے اور ہم پارلیمانی روایات کو سامنے رکھتے ہوئے۔ اس پر سرکار نے بھی آج تک زور نہیں دیا لیکن honourable members کی یہ بات درست ہے۔۔۔ (جاری۔۔۔۔T07)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری ہے۔۔۔۔) لیکن honorable members کی یہ بات درست ہے کہ پارلیمنٹ جو اپنی executive پر parliamentary oversight ہے وہ through standing committees کے ہی کرتی ہے اور یہ standing committees کا parliamentary function میں بڑا crucial role ہے۔ It is an extended arm of the Parliament. جناب چیئرمین! کسی کی یہ ضد کہ ہم نے کمیٹی میں نہیں بیٹھنا اور resign کر دیا ہے۔ میرے خیال میں ایک دفعہ بیٹھ کر اس کو حل کر دیا جائے، this cannot prevail for indefinite کیونکہ اس کی وجہ سے بہت ساری ایسی legislation ہے، بہت سارے ایسے issues ہیں جو کہ standing committees کے ہیں۔ پھر ایک Chair کے resign کرنے پر rest of the members would be handicapped کہ وہ اس کمیٹی کو functionنہیں کر سکتے۔ کئی دفعہ مجبوری میں کر لیتے ہیں۔ تو آپ خود بڑے مرنجاں مرنج ہیں۔

جناب چیئرمین: میں نے request کی ہے Leader of the Opposition اور Parliamentary Leader سے کہ آپ اس کے لیے کچھ کریں۔ Leader of the Opposition اور Parliamentary Leader سے میں دوبارہ request کر رہا ہوں کہ آپ Committees کے بارے میں نظرِ ثانی کریں۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: بٹ صاحب! یہ جواب دے رہے ہیں۔.Please take your seat شیری صاحبہ! آپ بیٹھ جائیں تاکہ وہ جواب دے سکیں۔.Please order in the House آپ Leader of the Opposition Sahib, کوئی بات کرنا چاہیں گے؟

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ان کو بات تو کرنے دیں۔

I have given the floor to the Leader of the Opposition.

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: ایک طرف بات ہو رہی ہے کہ کچھ معاملات درست ہوں اور دوسری طرف کہتے ہیں پٹرول بند کر دیں۔ آپ اس پر نظرِ ثانی کریں۔ ٹھیک ہے۔ میں ان کو تکلیف دوں گا۔ میں ان سے request کروں گا کہ وہ مجھے مل لیں گے اور ہم بیٹھ کے وہاں بات کر لیں گے۔آپ اپنی سیٹ سے بات کریں۔ بتائیں کیا بات ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین! میں یہ کہتا ہوں کہ اگر انہوں نے Committees سے resign کیا ہے۔ تو آپ اس resign کو قبول کریں یا کوئی اور ممبران وہ لے آئیں تاکہ مسئلہ حل ہو جائے۔ کمیٹی میں کوئی بیٹھتا ہی نہیں ہے۔ وہ کمیٹی میں آتے ہی نہیں ہیں۔ وہاں کمیٹی میں سوال و جواب ہوتا تھا وہ بھی نہیں ہے۔ مہربانی فرما کر آپ خود اس پر کوئی فیصلہ کریں ورنہ آپ اس کو منظور کریں۔

جناب چیئرمین: آپ بیٹھ جائیں گے تو میں جواب دوں گا۔آپ تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ماحول کو کچھ بہتر کریں۔ سینیٹر علی ظفر صاحب! میں request کروں گا کہ ہم اکٹھے Chamber میں بیٹھ جائیں گے اور اس پر discuss کریں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: ٹھیک ہے۔ ہم آپ کے Chamber میں آتے ہیں۔ ہمارے سینیٹرز کی complaint جائز ہے۔ ہمیں اس کا کوئی نہ کوئی حل ڈھونڈنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ شکریہ۔

Order No. 3, Senator Atta-ur-Rehman, Chairman, Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, may move Order No. 3. He is not present.

نور الحق صاحب! کوئی move کرنا چاہے گا؟ کمیٹی کا کوئی ممبر ہے تو کر سکتے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: میں پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ کمیٹی کے ممبر ہیں؟

سینیٹر دنیش کمار: جی ہاں، جی ہاں۔

جناب چیئرمین: آپ move کریں۔

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Danesh Kumar on behalf of Chairman, Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, regarding [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri**

Senator Danesh Kumar: I, Senator Danesh Kumar, on behalf of Senator Atta-ur-Rehman, Chairman, Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Muslim Family Laws Ordinance, 1961 [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri in the Senate, may be extended for a period of sixty days with effect from 11th February, 2026.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Order No. 4, Senator Farooq Hamid Naek, on his behalf, Senator Mohammad Abdul Qadir Sahib.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Mohammad Abdul Qadir on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice, regarding [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Shahadat Awan**

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, Senator Mohammad Abdul Qadir, on behalf of Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Shahadat Awan in the Senate sitting held on 1st

December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 1st March, 2026.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Order No. 5, Senator Zamir Hussain Ghumro.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Zamir Hussain Ghumro, on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice, regarding [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025], introduced by Senator Kamran Murtaza**

Senator Zamir Hussain Ghumro: Sir, I, Senator Zamir Hussain Ghumro, on behalf of Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill to establish the Pakistan Psychological Council [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025], introduced by Senator Kamran Murtaza in the Senate sitting held on 1st December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 1st March, 2026.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Order No. 6, Senator Rana Mahmood ul Hassan, may move.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں۔ Serious business ہو رہا ہے۔ آج Friday ہے۔

## **Point raised by Senator Mohammad Abdul Qadir regarding issuance of Blue/Official Passport to the Children of retired Senators**

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! دیکھیں، پاسپورٹ کا issue ہے۔ میں Point of Order پر یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ جب کسی سینیٹر کا 6 years کا time پورا ہو جاتا ہے اور جب وہ Retire ہو جاتے ہیں تو ان کا تو Passport Blue رہتا ہے جیسا کہ گریڈ 21 and 22 کا رہتا ہے۔ گریڈ 21 and 22 کے افسران کے بچوں کا 28 years of the age تک Blue Passport issue ہوتا ہے لیکن سینیٹر جب Retire ہو جاتا ہے تو Rules میں ایسے کر دیا ہے کہ ان کے بچوں کا Passport Blue نہیں رہتا۔

جناب چیئرمین: رانا صاحب یہی move کر رہا ہے؟

سینیٹر محمد عبدالقادر: نہیں نہیں۔

جناب چیئرمین: پھر یہ تو ہے ہی نہیں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! میں یہ Point of Order کے تحت کہہ رہا ہوں۔ آپ اس کو کمیٹی میں refer کریں۔

جناب چیئرمین: آپ Rules کے مطابق move کریں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! یہ تو میں Point of Order پر کہنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جمعے کا وقت ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ہم آپس میں بیٹھ جاتے ہیں۔ اگر حل نہیں ہوا تو کمیٹی کو بھیج دیں گے۔ آج ہی بیٹھ جاتے ہیں۔

Mr. Chairman: Order No. 6, Senator Rana Mahmood ul Hassan, please move.

## **Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Virtual Assets Bill, 2025]**

سینیٹر رانا محمود الحسن: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔۔۔(جاری ہے۔۔۔۔T08)

T08-27Feb2026 Rafaqat Waheed/Ed: 11:50 noon


## **Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Virtual Assets Bill, 2025]**


سینیٹر رانا محمود الحسن: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

I, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, hereby present report of the Committee on a Bill to establish a regulatory Authority for the licensing, regulation and supervision of Virtual Assets and Virtual Asset Service Providers, and to provide for related matters [The Virtual Assets Bill, 2025].

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.7 stands in the name of Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges. He may move Order No.7.

**Presentation of Report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion by Senator Umer Farooq regarding misconduct of Chief Secretary and other officers of Balochistan**

Senator Syed Waqar Mehdi: Mr. Chairman, thank you. I, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Umer Farooq and others regarding misconduct of Chief Secretary, Home Secretary, IGP Balochistan and Commissioner Quetta.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No. 8 stands in the name of Mr. Khalid Maqbool Siddiqui, Minister for Federal Education and Professional Training. He may move Order No.8.

**Introduction of [The Daanish University Islamabad Bill, 2026]**

Senator Azam Nazeer Tarar: On behalf of Minister for Federal Education and Professional Training, I hereby introduce a Bill to provide for the establishment of Daanish University, Islamabad [The Daanish University Islamabad Bill, 2026].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! آج میٹنگ ہو رہی ہے، میری request یہ تھی کہ یہ اسے refer کر دیا جائے کیونکہ پبلک سیکٹر یونیورسٹی ہے، اس بل کی وجہ سے کچھ کام رکے پڑے ہیں۔

Mr. Chairman: Do you want to move?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ صرف آفس کو direct کر دیں کہ آج ہی بھیج دیں کیونکہ آج کمیٹی کی میٹنگ ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ آج ہی ہو جائے گا۔

We may now take up Order No.9. Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue may move Order No.9.

**Motion under Rule 263 for dispensation of rules in order to take a Bill into consideration**

Senator Muhammad Aurangzeb: Mr. Chairman, I beg to move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of sub-rule (2) of Rule 99 of the said Rules, be dispensed with in order to take into consideration at once the Bill to establish a regulatory Authority for the licensing, regulation and supervision of Virtual Assets and Virtual Asset Service Providers, and to provide for related matters [The Virtual Assets Bill, 2025], as reported by the Standing Committee.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.10, Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue.

**Consideration and Passage of [The Virtual Assets Bill, 2025]**

Senator Muhammad Aurangzeb: Mr. Chairman, I beg to move that the Bill to establish a regulatory Authority for the licensing, regulation and supervision of Virtual Assets and Virtual Asset Service Providers, and to provide for related

matters [The Virtual Assets Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: We now take up second reading of the Bill. There is no amendment in Clauses 2 to 74. I will put these Clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 74 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 74 stand part of the Bill. I now put Schedule-I to the vote of the House. There is no amendment in Schedule-I. The question is that Schedule-I do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Schedule-I stands part of the Bill. We may now take up Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and Title do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the Preamble and the Title, stand part of the Bill.

Order No.11, Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue.

Senator Muhammad Aurangzeb: Mr. Chairman, I beg to move that the Bill to establish a regulatory Authority for the licensing, regulation and supervision of Virtual Assets and Virtual Assets Service Providers, and to provide for related matters [The Virtual Assets Bill, 2025], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Bill stands passed unanimously. We may now take up Order 12 which stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. She is not present, therefore, we drop it. There is a calling attention notice at Order No.13 in the name of Senator Aimal Wali Khan. He may please raise the matter.

*(The member concerned was not present)*

**<u>Resolution moved by Senator Sherry Rehman to pay tributes to the sacrifices of armed forces and law enforcement personnel against the unprovoked aggression emanating from the territory of Afghanistan</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین ! کل رات سے جو معاملہ ہمارے مغربی بارڈر پر ہے، جو افغانستان سے طالبان regime کی جانب سے پاکستان کی سرحدی خود مختاری میں دراندازی کی کوشش ہوئی ہے اور افواج پاکستان نے اس کا بڑا befitting جواب دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ استطاعت اور طاقت دے رکھی ہے کہ ہم اس طرح کی aggressions کا befitting اور مناسب جواب دیں۔ لہٰذا، میری یہ گزارش ہو گی کہ اس پر ہم نے ایک resolution تیار کی ہے، اگر وہ take up کر لی جائے کیونکہ calling attention والے ممبر نہیں ہیں۔ یہ قرارداد پیش کرنے کے بعد سینیٹر دنیش کمار صاحب کا توجہ دلاؤ نوٹس لے لیں گے۔

Sir, I move that under Rule No. 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, the requirements of Rule No. 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to move and pass a resolution.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Please move the resolution. Who will move? Yes, Senator Sherri Rehman sahiba.

Senator Sherry Rehman: Mr. Chairman, thank you and thanks to the Opposition for signing this and I am sure all parties will agree.

Sir, we present here a resolution from the Senate of Pakistan which unequivocally condemns the recent acts of unprovoked aggression and hostile cross-border actions emanating from the territory of Afghanistan, describing them as blatant violations of law, international law, established diplomatic norms, and the principles of peaceful neighbourly relations.

We declare that any attempt to challenge the sovereignty, territorial integrity, or national security of Pakistan constitutes a direct affront to the dignity of the Pakistani nation and shall be met with a firm, proportionate, and decisive response.

The Senate pays tribute to the bravery, professionalism, and sacrifice of Pakistan's armed forces and law enforcement personnel who stand vigilant in defence of every inch of the homeland.

The Senate recalls with profound regret that for over 40 years, Pakistan has borne extraordinary social, economic, and security burdens in hosting millions of Afghan nationals, extending humanitarian assistance, facilitating peace efforts, and consistently advocating for Afghanistan's stability in international forums, often at immense cost to its own national development and internal security.

The Senate expresses deep disappointment that instead of reciprocal goodwill, Pakistan continues to face hostile rhetoric, cross-border violations, and the persistent presence of anti-Pakistan terrorist elements operating from Afghan soil, reflecting a troubling pattern of ingratitude and disregard for bilateral understandings.

The Senate demands that the Afghan Taliban regime immediately cease all hostile actions, prevent the use of Afghan soil for terrorism or aggression against

Pakistan, and honour their international obligations and commitments to peaceful coexistence.

The Senate affirms that while Pakistan remains committed to constructive engagement, regional peace and mutually respectful relations, its patience must not be misconstrued as weakness, nor its desire for stability mistaken for inability to respond decisively.

The Senate also calls upon the international community to take serious note of these developments and to urge the Afghan Taliban regime to adhere to international norms and prevent further destabilisation of the region.

Lastly, the Senate resolves that we stand united, beyond all political divides, in defence of Pakistan's sovereignty and supports all necessary measures undertaken by the state to safeguard its territorial integrity and national honour. Thank you.

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

(Followed by T09)

**T09-27Feb2026 Abdul Razique/Ed: Iram Shafique 02:00 p.m.**

Mr. Chairman: I, now, put the resolution before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The resolution is adopted, unanimously. Who will speak? Senator Syed Ali Zafar, Parliamentary Leader of the PTI, the floor is yours.

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: شکریہ، جناب چیئرمین! دہشت گردی کے خلاف پوری قوم یکجا ہے اور ایک جگہ کھڑی ہے۔کوئی بھی ملک یا کوئی بھی دشمن ہماری سرزمین پر آکر دہشت گردی کرے گا تو ہم اس کو منہ توڑ جواب دینے کا حق بھی رکھتے ہیں اور ہمیں دینا بھی چاہیے اوراس میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی انکھ اٹھا کر بھی ہماری سرزمین کی طرف دیکھے گا تو اپنی سیاست، اپنی

مخالفتیں اپنی جگہ لیکن ہم پاکستان کے لیے اپنی جان بھی حاضر کر سکتے ہیں۔ اگر آپ تاریخ پڑھیں تو ہندوستان اور اسرائیل نے اب نہیں بلکہ جب سے پاکستان بنا تھا، انہوں نے ایک معاہدہ کیا تھا۔ اس معاہدے میں باقاعدہ انہوں نے فیصلہ کیا تھا کہ پاکستان کو ہر طریقے سے نقصان پہنچانا ہے اور وہ secret papers جواب disclose ہو چکے ہیں، مجھے یقین ہے کہ میرے باقی Senators نے بھی وہ secret papers دیکھے ہوں گے، ان کا ایجنڈہ یہ ہے کہ ہندوستان اور اسرائیل نے اس وقت فیصلہ کیا تھا کہ افغانستان کی جو سرزمین تھی، ہم وہ پاکستان کے خلاف استعمال کریں گے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ ایک وقت ایسا آیا تھا جب یہ secret deals ہوئی تھیں۔ اس کے بعد 1960s میں جب ایوب خان صاحب کا زمانہ تھا تو ہم نے یہ discover کرکے انکشاف کیے۔ انڈیا اور اسرائیل کی پیرس اور فرانس میں میٹنگز ہوتی تھیں اور وہ پکڑی گئی تھیں۔ وہاں سے پھر ہمیں information ملی تھی اور اخباروں میں بھی آیا تھا۔ اب یہ open ہو گیا۔ آپ نے دیکھا کہ اسرائیل کے Prime Minister اور ہندوستان کے جو مودی سرکار ہیں، دونوں ایک ہی کام کر رہے ہیں۔ وہ غزہ میں لوگوں کو شہید کر رہے ہیں، بچوں کو مار رہے ہیں اور مودی صاحب occupied Jammu Kashmir میں یہ حرکتیں کر رہے ہیں۔ ان دونوں نے ہاتھ ملایا ہے اور اس سے نظر آتا ہے کہ ان کی یہ ایک long-term strategy ہے جسے ہم نے بھی long-term ہی deal کرنا ہے۔ ٹھیک ہے، جہاں تک میں نے بات کی terrorism کے خلاف تو ہمیں سخت سے سخت جواب دینا ہے۔ کوئی بھی ملک اگر ہم پر حملہ کرتا ہے تو ہم نے اس کا جواب دینا ہے۔

جناب، لیکن ایک چیز حکمت ہے اور ہمیں سمجھنا چاہیے کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے۔ میری نظر میں دنیا میں ایک نیا World Order ہے۔ یہ نیا World Order کیا کہتا ہے؟ یہ کہتا ہے کہ .might is right طاقت سے ہی جواب دینا ہے اور قانون کی کوئی importance نہیں ہے۔ میری نظر میں United Nations Organization اس لیے بنائی گئی تھی جس کا کام تھا کہ اگر اس قسم کے مسائل ہوں تو اس پر سارے ممالک مشاورت کرکے کوئی نہ کوئی رد عمل دیں اور پھر اس پر عمل درآمد بھی ہو۔ United Nations اس نئے World Order میں ختم ہو گیا، ineffective ہو گیا اور وہ صرف ایک debating club رہ گیا ہے تقریباً اسی طرح جس طرح ہم سینٹ میں debate کرتے ہیں۔ وہ debate کرکے پھر resolution پاس کرکے تو چپ ہو جاتے ہیں اور ان کا کوئی اور کام نہیں۔ اسی طرح اس نئے World Order میں ایک بہت اہم چیز ہے اور وہ یہ ہے کہ میں ایک قانون دان کے طور پر سمجھتا تھا اور سمجھتا رہا اور یہی پڑھا لکھا کہ بین الاقوامی قانون بھی ایک چیز ہے اور بین الاقوامی قانون کی ایک بڑی

اہم ستون یہ ہے کہ ایک ملک، دوسرے ملک کے internal affairs میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کر سکتا۔ اس وقت اس نئے World Order میں یہ بین الاقوامی قانون بھی رد کر دیا گیا ہے۔ آپ نے ایک example دیکھا۔ امریکہ، وینزویلا کے صدر اور اس کی بیوی کو اٹھا لے آئے اور بین الاقوامی قانون بھی نہیں رہا، کچھ نہیں رہا۔ انہوں نے کر دیا جو کرنا تھا۔ اسی طرح اسرائیل ہے۔ United Nations چیختا رہے لیکن وہ غزہ پر حملہ کرتا ہے اور کرتا جا رہا ہے چاہے cease fire ہو یا نہ ہو۔ اسی طرح مودی بھی یہی کر رہے ہیں۔ United Nations کی resolutions ہیں لیکن پھر بھی وہ اپنی آئین change کرکے جموں کشمیر کو ہندوستان کا permanent part بنا رہے ہیں۔ United Nations کی resolutions گئیں اور وہ چپ۔ اس نئے World Order کو دیکھتے ہوئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم اس resolution میں ایک اور چیز add کریں۔ Add یہ کریں اور اسے میں نے بڑا سوچا ہے اور ابھی بڑے senior لوگوں کے ساتھ discussions بھی ہو رہی تھیں۔

ہمیں یہ add کرنا چاہیے اور سینیٹ کی طرف سے بطور suggestion بھی دینی چاہیے۔ ہم نے condemnation کر دی اور support بھی کر دی۔ ہم نے کہہ دیا کہ terrorism بڑی غلط بات ہے۔ ہم نے کہہ دیا کہ ہم terrorism کے خلاف اکٹھے ہیں لیکن long-term solution بھی ہونی چاہیے۔ چونکہ نیا World Order ہے، United Nations relevant نہیں رہی، بین الاقوامی قوانین بھی relevant نہیں رہے تو اب یہ suggestion ہے کہ regional security framework کے لیے ایک regional organization بنائی جائے۔ اس regional organization میں specially جو ہمارے پڑوسی ممالک ہیں جس میں چین ہے، ایران ہے، جو دوسرے دوست ممالک ہیں، ترکیہ ہے، عمان اور قطر ہے، ان سب کو ملا کر ایک regional security framework بنایا جائے۔ اس regional security authority کا یہ mandate ہو کہ جو security arrangements ہیں، وہ اس کے مطابق فیصلے کرے اور اسے regularly implement بھی کرے۔ اگر افغانستان کے اندر terrorism ہو رہی ہے یا کوئی terrorist activity create ہو رہی ہے اور وہ پاکستان میں import ہو رہی ہے اور پاکستان میں وہ terrorist activity کر رہے ہیں تو یہ regional authority ہی بیٹھ کر فیصلے کرے اور اس کو روکے۔ میڈم شیری ذرا سا سنیے۔ رانا ثناء اللہ صاحب اور طارق صاحب آپ بھی ضرور سنیں۔ میں یہ suggestion دے رہا ہوں کہ آپ اس resolution میں یہ ایک چیز add کریں: and now I will read that suggestion

‘A permanent regional body should be established to ensure compliance with a collective security framework addressing terrorism emanating from Afghanistan. Such a mechanism would facilitate coordinated action among regional states, promote intelligence sharing, and monitor implementation of agreed counter-terrorism commitments to effectively address cross border security threats.’

یہ میں اس لیے کہہ رہا ہوں because United Nations اس میں involve نہیں ہو گی، نہ وہ international organizations involve ہو گیں جو international قوانین کو نافذ کرتی ہیں اور وہ بھی implement نہیں کریں گی۔ اگر آپ نے یہ کرنا ہے تو ٹھیک ہے۔ Force تو ہم واپس استعمال کر رہے ہیں لیکن اس کے ساتھ، ساتھ ایک long-term solution بھی ہونی چاہیے۔ اور کتنی دیر تک ہم اپنے لوگ شہید کریں گے اور اس porous border میں اور کتنی دیر تک ہم لڑتے رہیں گے۔ میرا خیال ہے کہ مجھ سے زیادہ میرے سینیٹر حضرات کو پتا ہے کہ یہ کتنا لمبا بارڈر ہے اور کتنی جگہ سے infiltrate ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے ہمیں ایک regional security force کی ضرورت ہے اور یہ ایک suggestion ہے۔ میرا خیال ہے کہ سینیٹ کی طرف سے صرف ہمیں resolutions کی حد تک نہیں رہنا چاہیے۔ ہمیں سوچ کے اور حکمت کے ساتھ کوئی نہ کوئی suggestion بھی دینی چاہیے۔ اس resolution میں کافی اچھی چیزیں لکھی ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ ہم دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ کوئی دشمن اگر ہمارے اوپر حملہ کرے گا تو ہم بالکل اس کو منہ توڑ جواب دیں گے لیکن ایک long-term solution بھی دیں۔ سینیٹ ایک Upper House ہے۔ یہاں ہم intelligent لوگ ہیں۔ یہ ہمارا کام اور فرض ہے کہ جب قوم کا معاملہ آئے، ملک کا معاملہ آئے تو ہم کوئی ایسی suggestion بھی دیں جسے بہتر improve کرکے پھر implement کیا جا سکے۔ Leader of the Opposition بھی ابھی اس پر بول لیں گے لیکن میں اس میں جو amendment suggest کر رہا ہوں، میں یہ کہوں گا کہ اسے اس resolution میں add کیا جائے، شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: رانا صاحب، آپ بھی اس پر بولیں۔ بیرسٹر علی ظفر صاحب آپ کا شکریہ اور Leader of the Oppositionکا تعاون اور معاونت بھی ضروری ہے۔۔۔ (۔۔۔۔جاریT10)

T10-267Feb2026 Naeem Bhatti/ED; Irum 12:10 p.m

Mr. Chairman: Yes, Senator Sherry Rehman Sahiba.

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! اس میں بیرسٹر اور قائد حزب اختلاف کا تعاون اور معاونت بہت ضروری ہے کیونکہ ایوان کی اس وقت وحدت اور ملک کی unity ایک اہم پیغام ہے۔ بیرسٹر صاحب! اس صورت حال میں آپ نے جو suggestions دی ہیں، وہ سر آنکھوں پر لیکن اس پر ابھی بھی بہت سوالات ہو سکتے ہیں۔ Military قوتیں یا اس طرح کی forces بنتی ہیں تو ان میں کافی بھانپنا پڑتا ہے، review کرنا پڑتا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: جی جی framework کا آپ کو مجھ سے بہتر پتا ہے، بیرسٹر صاحب جانتے ہیں کہ دوحہ میں بھی framework بنا تھا، کتنے frameworks بنے، اکیس، بائیس سال ہو گئے ہیں۔ چیئرمین صاحب! آپ بھی اس بات سے واقف ہوں گے، Doha Framework بنا اور وہاں جو وعدے کیے گئے، اسی regime نے وہاں جو وعدے کیے تھے وہ انہیں بالکل فراموش کر چکے ہیں۔ پاکستان نے ہر diplomatic forum کو استعمال کیا ہے، ہر دوست ملک کو جن کے regional peace میں دونوں طرف stakes ہیں، چین، روس یہاں تک کہ جرمنی بھی involved رہا ہے، امریکہ تو رہا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ انخلاء کے بعد کیا صورت حال ہے، خطے میں جو معاہدے کیے گئے تھے کس طرح سے ان کی پاسداری ہو رہی ہے۔ پاکستان نے تو diplomatically کوئی ایسا موقع یا forum نہیں چھوڑا ہے، پچیس سالوں سے کوئی forum ایسا نہیں چھوڑا ہے، ابھی بھی تگ و دو لگی ہوئی تھی کہ ہم امن کے خواہاں ہیں، ہم بات چیت کے ذریعے چلنا چاہتے ہیں لیکن بات چیت کا جواب کیا ملا؟ بات چیت کا جواب پاکستان کی سرزمین کے اندر میتیں آپ نے دیکھیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر شیری صاحبہ! آپ نے resolution pass کرنی ہے، ان کا point of view ہے۔

سینیٹر شیری رحمان: وہ کہہ رہے ہیں کہ اس میں add کریں۔

جناب چیئرمین: نہیں، میں point of view پر بات کروں گا، میں Leader of the Opposition کو موقع دے رہا ہوں۔

Senator Sherry Rehman: May I just finish so that I may move the resolution?

Mr. Chairman: OK.

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ۔ میری یہ بھی گزارش ہے کہ پاکستان نے صرف اپنی سرزمین کا دفاع کیا ہے، UN Charter میں Article 51 ہے، آپ بے شک UN کو غیر فعال سمجھیں، اس کی کارکردگی کہیں نہ کہیں کمزور رہی ہے لیکن پاکستان international laws کو abide کرتا ہے اور ہم اس framework کو مانتے ہیں، اس کی پاسداری بھی کرتے ہیں۔ ہماری ہندوستان کے ساتھ جو جنگ ہوئی، معرکہ حق میں بھی ہم نے Article 51 کے تحت جواب دیا تھا، اِدھر بھی ایسا ہی کیا جا رہا ہے۔

جناب والا! میں آخری بات یہ کہوں گی کہ ہم نے کتنے سال معاونت کی ہے، disappointment بھی ہے، افسوس بھی ہے، میں یہ ضرور کہوں گی کہ ہم اس وقت کہہ رہے ہیں کہ آپ اپنی سرزمین کی، اپنے soil کی ذمہ داری لیں لیکن حملے کیے گئے ہیں۔ وہاں جو حالات ہیں، میں اس پر صاف صاف کہوں گی کہ یہ ریاست کا action نہیں ہے، یہ regime کا action ہے،

are they responsible for their soil or not? This is a question now be asked. Sir, I am just putting before the House that a limited resolution at this point, while developments are ongoing, is the most astute and responsible thing to do. We are a responsible country. We have established deterrence with no stone left unturned. Within minutes we have established deterrence and we have the capacity for either CT as well as conventional war; we have shown that. Lastly, I want to say, I think everyone is grateful to every law enforcement agent, to every policeman, to the Pakistan Military, to the Pakistan Air Force, who stand to ready. We are very clear that this nation owes them their sleep, their rest, their safety, and their security. We slept through the night while they were defending our borders. So we wish to thank them for their services and remember them in our prayers.

**Senator Syed Ali Zafar**

Senator Syed Ali Zafar: Sir, with the permission of the Opposition, I would like to clarify one thing. We are not saying that the UN is not an entity; we are not saying that international law has not been followed, we are saying that the reality is that the UN is ineffective, and the reality is that laws are not being followed in this new world order. What we are saying is that in addition to all this, in addition to the force and the sacrifices that our armed forces, our people, and the entire country are making to fight terrorism, we are saying makes a regional framework. So I think may be Sherry Rehman

سمجھ سکیں گی کہ ہمارا موقف کیا ہے۔ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ terrorism کے خلاف ہم نے بالکل جنگ لڑنی ہے، کوئی شک نہیں ہے۔ ہم جو کر سکتے ہیں وہ کریں گے، جس طرح میں نے کہا کہ اس میں ہماری جان بھی حاضر ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ اس جنگ کو ہمارے اپنے خاندان لڑ رہے ہیں۔ ہمارے اوپر terrorist activities ہو رہی ہیں، ہمارے رشتے دار، ہماری families میں recently لوگ شہید ہوئے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہم اس میں ہر قسم کی کوشش کریں گے لیکن میں صرف یہ کہہ رہا تھا کہ ہمیں in addition ایک regional framework بنانے کی ضرورت ہے جس کا یہ کام ہوگا کہ وہ security framework بنائے اور اس security framework میں وہ یہ ensure کرے کہ افغانستان اگر کسی طرح کی کوئی activity کر رہا ہے تو اسے monitor کیا جائے اور اسے روکا جائے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ باقی چیزیں روک دیں۔ CPEC کا افغانستان کے ساتھ بڑا link ہے، اس میں economic factor بھی involved ہے، میری بات ہوتی ہے، چین والے اس میں بہت interested ہیں کہ اس چیز کو روکا جائے، ان کا اپنا ایک stake ہے، اسی طرح باقی ممالک کا stake ہے، جن جن ممالک کا stake ہے کہ اس area میں security and peace ہو، ان کے لیے ضرورت ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: قائد حزب اختلاف۔

**Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)**

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! قرآن بھی کہتا ہے کہ (عربی) 'جو آپ پر تجاوز کرے، حدود cross کرے، limits cross کرے، حملہ کرے تو تمہیں بھی حق ہے کہ تم بھی اس پر ویسے ہی حملہ کرو، مقابلہ کرو'۔ بالآخر وہ ملک ہیں ہمارے، ان کی اپنی سرحدیں ہیں، borders ہیں اور حکومت کی ذِمہ داری ہے کہ اپنے عوام کی جان و مال کی حفاظت کرے، سب سے پہلے جان کی حفاظت کرے، لوگوں کو security دے اور security threats کا مقابلہ کرے اور انہیں آگے نہ بڑھنے دے۔ اس وقت جو کچھ بھی ہو رہا ہے، ہماری forces نے، ہمارے جوانوں نے مقابلہ کیا ہے، جانیں دی ہیں، شہادتیں ہوئی ہیں، وہ اپنے وطن پر فدا ہوئے ہیں، اپنے وطن کی security پر فدا ہو رہے ہیں، قربانی دے رہے ہیں۔ اس وقت ہمارا ملک مشکلات کا شکار ہے، جنگ ہمارے ملک کے اندر داخل ہو چکی ہے، ہم آئے دن جنازے اٹھاتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اسے serious لینا چاہیے، اس کو first priority بنانا چاہیے تاکہ ہم اس فتنے کو جلد از جلد ختم کر سکیں۔ اس کا ایک military حل ہے، مقابلہ کرنا ہے، دہشت گردوں اور قاتلوں کو سبق سکھانا ہے لیکن یہ جنگ unlimited time کے لیے نہیں لڑی جا سکتی، اس کے ساتھ ساتھ کوئی اور راستہ بھی ڈھونڈنا چاہیے جس سے جنگ کے نتائج حاصل کیے جا سکیں۔ ہم اس لیے جنگ لڑ رہے ہیں کہ یہ فتنہ control ہو جائے، ختم ہو جائے، آپ کو بات چیت کا راستہ یا کوئی حکمت کا راستہ اپنانا پڑے گا تاکہ ہم اس مسئلے کو ختم کر سکیں۔

جناب والا! Regional security framework کی جو بات ہوئی ہے، یہ way out ہے، یہ راستہ دکھایا جا رہا ہے کہ ہمیں یہ بھی ساتھ ساتھ کرنا ہوگا، اگر ہم یہ نہیں کریں گے تو ہمیشہ لڑتے نہیں رہ سکتے۔ ہمسائیوں کی دشمنی بہت خطرناک ہوتی ہے، جن کے دروازے ساتھ ملتے ہیں، آمنے سامنے ہوتے ہیں، ان کی دشمنیاں خطرناک ہوتی ہیں، قابل تحمل اور برداشت بھی ہوتی ہیں۔

(جاری------T/11)

T11-27FEB2026 Taj/Ed. Iram 12:20 p.m.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری---) ہمسایوں کی دشمنی بہت خطرناک ہوتی ہے۔ جن کے دروازے آپس میں ملتے ہیں، آمنے سامنے ہیں توان کی دشمنیاں خطرناک ہوتی ہیں، قابل تحمل اور برداشت نہیں ہوتی ہیں۔ ہم نے مسائل کو حل کرنا ہے۔ ہم نے ان دشمنیوں کی وجوہات کو ختم کرنا ہے۔ نیشنل یا ریجنل سیکورٹی کا framework بہت اہم ہے، ایک way out ہے۔ اس کو اہمیت دینی چاہیے۔ دیکھیں، یہ سیاست دانوں

کا کام ہے۔ ملکوں کا کام ہے۔ ہمارے ہمسایہ ممالک کے یہاں پر باقاعدہ interests ہیں۔ کیا اس خطے میں چین کا interest نہیں ہے۔ سنٹرل ایشیا کے ریاستوں کے interests نہیں ہیں، ایران کے نہیں ہیں۔ اچھی طرح سے روس کے نہیں ہیں اور باقی ممالک ہیں، لہٰذا ہمیں باقاعدہ ایک کانفرنس بلانی چاہیے۔ ان ممالک کو بلانا چاہیے تاکہ ہم ریجنل سیکورٹی کا ایک framework بنا سکیں اور ان کو accountable بنائیں جو اس طرح کی دہشت گردی کرتے ہیں اور ملکوں کے لیے امن و مان کا مسئلہ کھڑا کرتے ہیں۔ یہ ایک way out ہے، یہ ایک strategy ہے۔ ہمیں اس طرف جانا چاہیے، ہم اس کو ignore نہیں کر سکتے۔

اسی طرح سے داخلی طور پر بھی ہمیں اپنا house in order کرنا ہوگا، دہشت گردی کی جنگ بہت خطرناک ہے۔ عوام کی حمایت کی اشد ضرورت ہے۔ عوام کی حمایت کے بغیر ناممکن ہے کہ ہم دہشت گردی کو جڑ سے اکھیڑ سکیں۔ لہٰذا، عوام کو کیسے onboard لیا جائے۔ ابھی یہ سینیٹ ہے، ہمیں یہاں پر بتایا جاتا کہ یہ جو جنگ شروع ہوئی ہے، اب اس وقت اس کی صورتحال کیا ہے۔ کل جب attack ہو تو کہاں کہاں attack ہوا، اس کی صورت حال ہمیں بتانی تھی۔ اور آج کی صورت حال کیا ہے۔ ہمیں onboard لینا چاہیے۔ میرے خیال میں سینیٹ اور قومی اسمبلی کا مشترکہ اجلاس ہونا چاہیے۔ باقاعدہ in camera اجلاس ہونا چاہیے، onboard لے کر دہشت گردی کے خلاف فیصلے کرنے چاہییں تاکہ ہم سب مل کر عوام بھی، پارلیمنٹیرین بھی، سارے onboard ہوں اور ہم اس کا مقابلہ کر سکیں۔ ایک isolation میں جنگ نہیں لڑی جا سکتی۔ پاکستان کے عوام کو اپنے ساتھ ملانا ہوگا۔ آپ یقین کریں کہ پاکستان کے عوام اس وقت مختلف مشکلات کا شکار ہیں۔ عمران خان صاحب ایک ایسا شخص ہے، اگر اس کی فورس بھی امن و امان کے لیے، سیکورٹی کے لیے ساتھ شامل ہو جائے تو پاکستان کا بہت فائدہ ہوگا۔ پاکستان کے عوام کی اکثریت اس کی بات سنتی ہے، وہ stand لیں گے، ہم سارے ساتھ ہوں گے پاکستان کے امن وامان کے لیے، پاکستان کی sovereignty کے لیے، سالمیت کے لیے، کوئی دوسری بات ہے، ہم اس کے لیے جان دے سکتے ہیں۔ ہم اپنے وطن پر قربان ہو سکتے ہیں۔ اس کی ایک ایک انچ زمین پر ہم لوگ قربان ہو سکتے ہیں لیکن اپنا house in order کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب چیئرمین! اس وقت ہمارا house in order نہیں ہے، تقسیم ہے، polarization ہے، ہم ٹکڑوں میں بٹے ہوئے ہیں۔ اکٹھا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس دن میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ آپ نے اس پر کوئی action نہیں لیا۔ دیکھیں، کل پرسوں دوبارہ ان کا treatment ہوا ہے۔ ان کا خاندان onboard نہیں ہے اور ان کے doctors onboard نہیں ہیں۔ جناب! مہربانی کریں، اس مسئلے کو ختم کریں۔ اس سے پہلے کہ ایک بڑا بحران بن جائے، اس مسئلے کو ختم کریں۔ اسی لیے میں نے عرض کیا تھا کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے چار لوگ ہوں، جا کر جیل کا visit

کریں، جیل کاvisit کرنا قانونی حق بھی ہے۔ جا کر باقی قیدیوں کو بھی دیکھ لیں، ہسپتال کو بھی دیکھ لیں، انہیں بھی مل لیں۔ اس طرح کے فتنوں کا خاتمہ کر لیں۔ جناب! ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے۔ پاکستان اس وقت جنگ میں ہے اور ہم پاکستان میں 90-80 ہزار سے زیادہ جنازے اٹھا چکے ہیں۔ ہم نے اس کا مقابلہ کرنا ہے۔ ہم اپناhouse in order نہیں کریں گے تو مقابلہ نہیں ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے ملک کو in order کریں، عوام کوonboard لیں۔

عمران خان صاحب پاکستان کا اثاثہ ہے۔ ہم چاہیں یا نہ چاہیں وہ پاکستان کاasset ہے۔ وہ دنیا میں پاکستان کاsoft image ہے۔ وہ پاکستان کا وقار ہے۔ آئیں، ہمارے اختلافات ہو سکتے ہیں، خدا کے لیے، میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں، سیاسی دشمنی ایسا نہ کریں کہ سیاست دانوں کو سولی پر چڑھا دیں، پھانسی پر پہنچا دیں جیسے بھٹو صاحب کے ساتھ ہوا تھا۔ سیاسی دشمنی وہاں چلی گئی تھی کہ بھٹو صاحب کو پھانسی لگا یا گیا۔ بعد میں پاکستان کی سپریم کورٹ نے کہا کہ یہ غلط ہوا تھا۔ یہ قتل تھا، جوڈیشل قتل ہوا تھا۔ جناب! پاکستان کو سب کی ضرورت ہے۔ فورسز، فوج کی ضرورت ہے۔ ایجنسیوں کی ضرورت ہے۔ سینٹ کی ضرورت ہے۔ سیاست دانوں کی ضرورت ہے۔ قومی اسمبلی کی ضرورت ہے۔ ہم اپنے سیاست دانوں پر اتنا بوجھ نہ ڈالیں کہ اپنی قوم اپنے آپ سے دور کر لیں۔ مہربانی کریں، آئیں اس پر بیٹھیں، بات کریں۔ آپ خود لوگوں کو بلائیں، بٹھائیں۔ جناب! اگر ان کی فیملی کو یہ مسئلہ ہے، ایک طرف جنگ ہو رہی ہے، ایک داخلی طور پر الجھے ہوئے ہیں۔ ایک چھوٹے سے مسئلے کو کیوں حل نہیں کر سکتے۔ کیا ان کی فیملی کا ملاقات کرنا حق نہیں ہے؟ اگر ان کے ڈاکٹرز ان سے مل لیں تو پاکستان زمین پر گر جائے گا۔ کیا وہ heal نہیں ہوں گے، مسئلہ حل نہیں ہوگا، بہتری نہیں آئے گی۔ یہ جو آپس میں تشویش ہے، تقسیم ہے، یہ ختم نہیں ہو جائے گی، یہ کم نہیں ہو جائے گی۔

جناب! اگر لڑنا ہے تو لڑنے کی بھی صحیح نیت ہونی چاہیے۔ پھر لڑ کر مقابلہ کرنا ہے۔ اگر اس کے لیے اپناhouse in order نہیں کریں گے، ایک طرف بارڈر پر ہم جنگ لڑ رہے ہیں اور داخلی طور پر ہمارے اتنے شدید اختلافات ہوں کہ ہم ایک دوسرے کے جان کی دشمن ہوں اور ذرا بات بھی نہ سنیں، کان بہرے ہو جائیں، آنکھیں اندھی ہو جائیں، زبان گونگی ہو جائے۔ میری گزارش یہ ہے کہ پلیز، ہم آئیں اپنا house in order کریں، کل ممکن ہے یہ جنگ ہفتوں لڑنی پڑے، مہینہ لڑنی پڑے، دو مہینے لڑنی پڑے، کیا ہم اپنے عوام کو بالکلdetach رکھ کر، isolation میں رکھ کر اور کہیں کہ ہماری حمایت کریں، تو کیا عوام آپ کی حمایت کرے گی؟ کیونکہ سب سے بڑا مسئلہ اس وقت عوام میں اور ریاست میں plus deficit ہے، عوام اور حکومت میں بہت زیادہ فاصلہ ہے۔ دیکھیں، پاکستان کے عوام پاکستان سے محبت کرتے ہیں۔ انڈیا کے مسئلے پر وہی سوشل میڈیا جس کو ہم کہتے ہیں کہ ختم ہونا چاہیے، ہمیں اعتراض بھی ہو سکتا ہے، گلے شکوے بھی ہو سکتے ہیں، وہ ساتھ کھڑا

ہو گیا تھا، جوان کھڑے ہو گئے تھے۔ لہٰذا، آئیں ان کی بات بھی سنیں، جوانوں کی بات سنیں۔ پاکستان کے جوان جو اس ملک کا مستقبل ہیں، ان کی بات سنیں کہ وہ کیا کہتے ہیں۔

میری گزارش یہ ہے کہ اس مسئلے کو سیاسی طور پر حل کرنے کی طرف لے کر چلیں۔ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلا کر بھی ہم اس سیاسی مسئلے کا حل نکال سکتے ہیں اور آگے بڑھ سکتے ہیں۔ دیکھیں، وہ کبھی بھی نہیں کہتا کہ مجھے جیل سے باہر نکالو۔ مجھے خود عمران خان نے کہا ہے کہ مجھے اللہ نے ہر نعمت دی ہے، آپ دعا کریں میں شہید ہو جاؤں۔ وہ نہیں کہتا کہ میں بنی گالہ جانا چاہتا ہوں۔ سخت مخالف ہے، وہ کہتا ہے میرا کیس، trial fair ہونا چاہیے، وہاں سے میرے لیے جو فیصلہ ہوتا ہے وہ مجھے قبول ہے۔ وہ پاکستان سے باہر نہیں جانا چاہتا، کہیں نہیں جانا چاہتا۔ اس کا علاج اس کا حق ہے، وہ صحیح ہونا چاہیے۔ جناب! میں وہاں گیا تھا۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ اس کی آنکھ میں جو clot ہے، وہ ختم نہیں ہوا ہے، artery میں جو clot ہے وہ ختم نہیں ہوا ہے۔ دیکھیں، اگر ان کو مناسب treatment مل جائے، پاکستان کے عوام خوش ہو جائیں، ایک اعتماد بڑھنا شروع ہو جائے، تھوڑی سی بہتر صورت حال ہو جائے تو کیا پاکستان کا نقصان ہے؟ ملک تو اپنا image بہتر کرنے کے لیے، اپنا soft image بنانے کے لیے اربوں ڈالر خرچ کرتے ہیں۔ یہ تو ایک چھوٹے سے اقدام سے ہو جائے گا۔ فیملی مل لے گی، ڈاکٹر دیکھ لے گا۔ وہ پاکستان سے باہر تو نہیں جانا چاہتا، بھاگنا تو نہیں چاہتا۔ تو کب تک آپ اس طرح سے کریں گے، کب تک تکلیف دیتے رہیں گے اور کب تک آپس میں تقسیم رکھیں گے؟

میری گزارش یہ ہے کہ اس مسئلے کے لیے دو طرح کے کام چاہییں، ایک تو ہماری فورسز لڑ رہی ہیں، ماشاءاللہ، ہمارے لڑنے والے دلیر، بہادر جوان ہیں۔ پاکستان سے انڈیا کئی گنا بڑا ہے، اس کا مقابلہ کر لیتے ہیں۔ نمبر۱، میں نے کہا کہ regional security کا ایک framework بننا چاہیے تاکہ ہمیشہ کے لیے اس کو جڑ سے اکھیڑیں اور ہمارے ساتھ دوسرے ممالک بھی کھڑے ہو جائیں۔ جناب! جو بھی culprit ہے، اسے سزا ملے اور اس کا راستہ نکالا جائے۔ نمبر ۲، پاکستان کا house in order کرنے کی ضرورت ہے۔ عوام کو اعتماد دینے کی ضرورت ہے، ان کا اعتماد لینے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم یہ کام کریں گے تو ہم دشمنوں سے بھرپور جنگ لڑیں گے بھی اور جیتیں گے بھی، ان شاءاللہ العزیز۔

Mr. Chairman: Law Minister *Sahib* or Rana *Sahib,* Government's point of view, please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اس پر رانا ثناءاللہ صاحب lead کریں گے۔۔۔

(اس دوران ایوان میں اذانِ جمعہ سنائی دی)

(جاری---T12)

T12-27Feb2026 Ali/Ed: Shakeel 01:30 pm

(اس موقع پر ایوان میں اذان جمعہ سنائی دی گئی)

جناب چیئرمین: رانا ثناءاللہ صاحب Law Minister Sahib کی رائے ہے کہ ایک دو بات کر لیں تو پھر آپ wind-up کریں۔ منظور صاحب پہلے آپ بات کر لیں۔

**Senator Manzoor Ahmed**

سینیٹر منظور احمد: شکریہ جناب چیئرمین۔ جو resolution یہاں پر متفق طور پر pass ہوئی ہے اور بلوچستان عوامی پارٹی بھی اس کا حصہ ہے اور حمایت کرتی ہے، جو ایک ضرورت تھی۔ جناب چیئرمین، دو تین دن پہلے تربت، بلیدہ میں خوارج ہندوستان کے سہولت کار جو دہشت گرد ہیں اور بلوچستان کی آزادی کا دعویٰ کرتے ہیں نے بلوچ قوم پر، نہتے گھر پر rocket launchers اور hand grenades سے حملے کیے، یہ نہ بچوں کو، نہ خواتین کو اور نہ مرد کو بخشتے ہیں۔ جو ہم کہتے ہیں کہ دہشت گرد مودی اور اس کے سہولت کار، جو آزادی کی بات بلوچستان میں کرتے ہیں اور جو آزادی کی تحریک لے کے چلے ہیں، یہ سمجھ نہیں آتا کہ یہ کون سی تحریک ہے یا کون سی آزادی ہے جو اپنی بلوچ قوم کو بھی نہیں بخش رہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک اور agenda لے کے یہ جو آزادی کی بات کرتے ہیں، وہ بلوچستان میں اور پاکستان کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کر رہے ہیں۔

افغانستان اور پاکستان کے حوالے سے جو واقعہ ہوا ہے، یہاں پر دوستوں نے تفصیلاً بات کی ہے کہ اس کے حوالے سے جو ہمارے ہمسایہ ممالک ہیں، ان کے ساتھ بیٹھنا چاہیے؛ بالکل بیٹھنا چاہیے، کیا اس سے پہلے پاکستان نہیں بیٹھا تھا؟ کیا اس سے پہلے ہمارے Deputy Prime Minister, Mohammad Ishaq Dar Sahib افغانستان نہیں گئے تھے؟ کیا Doha نہیں گئے تھے؟ کیا Qatar نہیں گئے تھے؟ Doha میں کتنی meetings ہوئی ہیں۔ سمجھ سے بالاتر بات ہے، طالبان، افغانستان کی طرف سے demand آ رہی ہے کہ آپ ہمیں دس ارب روپے دے دیں، تب ہم دہشت گردوں کے جو camps اور nurseries بنی ہوئی ہیں، اسے وہاں سے ہٹا کر کہیں اور لے

جاتے ہیں۔ وہاں کہتے ہیں کہ ہماری زمین آپ کے خلاف استعمال نہیں ہو رہی اور پھر دس ارب روپے کی demand بھی کرتے ہیں کہ آپ ہمیں دس ارب روپے دے دیں، ہم اس کو یہاں سے shift کر دیتے ہیں۔

ہمیں جو ایک چیز نظر آ رہی ہے اس کے پیچھے جو طالبان یا دہشت گرد مودی ہے یا دہشت گرد قوتیں ہیں، تو تین دن پہلے ہم نے ان کی باتوں اور meetings کو دیکھا کہ وہ پاکستان کو کسی صورت برداشت نہیں کرتے؛ وہ پاکستان کو کبھی بھی establish نہیں دیکھنا چاہتے کہ پاکستان establish ہو۔ یہاں پر بات ہوئی کہ پاکستان میں لوگوں کے، ہمارے جو ادارے ہیں یا ہمارے جو سیاست دان ہیں، ان کے بیچ میں دوریاں ہیں؛ کوئی دوریاں نہیں ہیں۔ یہاں پر کھڑے ہو کر اگر میں یہ بات کروں تو میں اس چیز کو اور بھی ہوا دینے کی کوشش کر رہا ہوں، جو agenda وہ چاہتے ہیں، ہم خود اس ایوان کے floor پر کرنا چاہتے ہیں، کوئی دوری نہیں ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ کچھ مسائل ہیں، مہنگائی کے حوالے سے لوگ پریشان ہیں، ہمیں اس پر بات کرنی چاہیے، ہمیں معیشت کو مستحکم کرنا چاہیے، ہمیں ان کو relief دینا چاہیے، ہمیں ان کو support کرنا چاہیے۔ جب ہم یہ چیز ان کو دیں گے تو عوام کچھ بھی نہیں چاہتی؛ عوام تو اپنی افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ آپ نے رات کو دیکھا، ہماری افواج پاکستان کے حق میں کس کس کے صوبے میں rallies نہیں نکلیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہماری سیاسی قیادت اور ہماری عسکری قیادت وہ ایک page پر ہیں، جو اس سے پہلے ہمیں کبھی بھی نظر نہیں آئی تھی۔ Political leadership کے حوالے سے اور Military leadership کے حوالے سے ہمارے بیچ جو خلا تھا، وہ خلا ختم ہو گیا۔

رات کو ہمارے جوانوں نے جو جواب دیا اور اس سے پہلے India کو جو جواب دیا تھا، ہم جواب دینا جانتے ہیں، وہ بڑی غلط فہمی میں ہیں کہ ہم نے ماضی میں یہ کیا، ہم نے ماضی میں اس ملک کو یہ کیا لیکن وہ بھول گئے کہ وہ کس کے بل بوتے پر سب کچھ ہوا تھا اور کیسے ہوا تھا، یہ باتیں کرنے کی نہیں ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی ہے، پاکستان نے ہمیشہ دوستی کی بات کی ہے، پاکستان نے ہمیشہ امن کی راہ کو ترجیح دی ہے لیکن ہمارے جو ہمسایہ ممالک ہیں، وہ کبھی بھی یہ نہیں چاہتے؛ وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان establish نہ ہو اور پاکستان میں اس وقت جو فتنے ہمارے اوپر بیٹھے ہوئے ہیں، جو خوارج ہندوستان کو support کر رہے ہیں، ہمیں ان کے بارے میں بھی سوچنا چاہیے۔ سب سے بڑے دشمن اس وقت جو پاکستان کے اندر بیٹھے ہوئے ہیں چاہے وہ آزادی کی شکل میں ہو یا کسی اور شکل میں ہو، دہشت گرد دہشت گرد ہوتا ہے۔

میں ایک بار پھر اپنے عسکری جوانوں کو اور اپنی عسکری قیادت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور اپنی سیاسی قیادت کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: اعظم سواتی صاحب، صرف ایک منٹ۔

**Senator Muhammad Azam Khan Sawati**

سینیٹر محمد اعظم سواتی: Seek the indulgence, your indulgence, indulgence of all the Political Leadership on both sides of the House. This is the time when a great scholar and a great justice, Cardozo said: We all have to sink or swim together. قومی اتحاد کی بات ہو، خدارا کوئی تفریق نہیں ہے۔ دین کے لیے اور پاکستان کے لیے، ایک منٹ کی تقریر کے لیے میں ہسپتال سے سیدھا یہاں آیا ہوں۔ اس لیے کہ میں اسی ایوان کا ممبر ہوتے ہوئے دونوں طرف سے حکومت کو بھی یقین دلاتا ہوں، اپنے آپ کو بھی یقین دلاتا ہوں اور جس طریقے سے ابھی میں نے علی ظفر صاحب کی اور ہمارے Opposition Leader Sahib کی تقریر سنی، ہماری جان بھی چلی جائے، ہم اپنی افواج کے ساتھ کھڑے ہوں گے، پاکستان کے لیے کھڑے ہوں گے۔ گزارش صرف یہ ہے کہ پاکستان کے سب سے بڑے leader عمران خان کو on-board کیا جائے، اس لیے کہ اس وقت وہ پاکستان کے عوام کے دلوں پر حکومت کرتا ہے، اس کو حکومت on-board کرے، اس میں کوئی شرم کی بات نہیں ہے۔ میرے باپ دادا نے قربانی دے کر پاکستان بنایا تھا، اس کو میں نے بچانا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ بچانا ہے، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عبدالواسع صاحب، صرف ایک منٹ۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ افغانستان کے مسئلے کے حوالے سے جو ہماری forces وہاں لڑ رہی ہیں، کل وہاں ہماری forces نے جو کاروائیاں کی ہیں اور وہاں جو شہادتیں ہوئیں ہیں، ہم اس قرارداد اور افغانستان کے حالات کے حوالے سے مزاحمت اور پاکستان کی security کے جو خدشات ہیں، وہ انتہائی جائز اور بروقت ہیں کیونکہ ہماری سرزمین پر جب وہاں سے دراندازی ہوتی ہے تو ہماری security forces اپنے سرحدوں اور اپنی سرزمین کے تحفظ کے لیے مجبور ہو جاتی ہیں۔ لیکن ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں، دونوں ملکوں کو، افغانستان کی حکومت کو اور پاکستان کی حکومت کو بھی، کہ دونوں مسلم اور برادر مسلم ممالک ہیں، اگر یہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ لڑ پڑے تو کل

سے ہم دیکھ رہے ہیں ہندوستان کیا کہہ رہا ہے، کل سے ہم دیکھ رہے ہیں اسرائیل کیا کہہ رہا ہے۔ سب کہتے ہیں ہم افغانستان کے ساتھ ہیں لیکن یہ وہ افغانستان ہے جس کے لیے ہم نے چالیس سال داؤ پر لگا دیے۔ للذا، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جنگ بنیادی طور پر جب شروع ہو چکی ہے، یہ پاکستان کو ختم کرنے کے لیے، پاکستان کو نقصان پہنچانے کے لیے دنیا نے شروع کر دیا ہے۔ Doha معاہدہ ایک خطرناک معاہدہ ہے۔ وہاں سے جب ان کو لایا گیا، یہ تو ایک خطرناک شرائط تھیں، اس طرح آسانی سے America ان کو حکومت نہیں دیتا تھا۔ للذا، اس کو بھی ہمیں نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

لہٰذا، ہمیں اس بات کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے جو آج کل ہمارے حکمرانوں کو، ہمارے وزیر اعظم صاحب کو، ہمارے Chief of Army Staff کی تعریفیں جو Trump کرتا ہے، تو دشمن کبھی بھی جب آپ سے کوئی کام لینا چاہے یا آپ کو نقصان پہنچانا چاہے تو دشمن پہلے آپ کو خوش کرنے کے لیے تعریف اور تھپکی کرتا ہے۔ للذا، ہمیں دونوں اطراف کو نظر انداز نہیں کرنا ہے کیونکہ قرآنِ کریم واضح ہدایات دیتا ہے کہ (عربی) اس وقت تک یہود و نصاریٰ تم سے راضی نہیں ہو سکتے جب تک آپ یہود و نصاریٰ نہ بن جائیں (جاری ہے۔۔۔۔T10)

T13–27Feb2026 Imran/ED: Shakeel 12:40 pm

سینیٹر عبدالواسع: (جاری۔۔۔۔) جب تک کہ آپ یہودی نہ بن جائیں یا نصرانی نہ بن جائیں۔ لہٰذا اگر ہم لوگ اس بات پر خوش ہیں کہ آج کل امریکہ ہماری پشت پر ہے اور ہم سے خوش ہے اور ہم افغانستان کو دو دن میں ختم کر سکتے ہیں۔ بے شک، لیکن امریکہ کبھی بھی ہمارا دوست نہیں بن سکتا، یہود ہمارا دوست نہیں بن سکتا، اسرائیل ہمارا دوست نہیں بن سکتا۔ ایک دن آئے گا اور اللہ وہ دن نہ لائے لیکن ہندوستان، اسرائیل اور امریکہ، یہ سب پاکستان کو گھیرے میں لینے کے لیے یہ سب کچھ کر رہے ہیں۔ لہٰذا میری دونوں ممالک سے، افغانستان کے طالبان کو بھی ہم یہی کہتے ہیں کہ اگر آپ لوگ افغانستان میں حکمران ہیں تو پاکستان ہی کی وجہ سے ہیں۔ پاکستان کے عوام نے قربانیاں دیں، پاکستان کے لوگوں نے شہادتیں دیں اور ہم اپنی حکومت سے بھی یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ جب ہماری شہادتیں ہوئیں تو اس خطے کے عوام کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔

یہ پشتون قوم پورے چالیس سال سے اس طرح سے جنگ لڑ رہے تھے کہ کہتے تھے کہ افغانستان ہمارا برادر ملک ہے۔ وہاں ہم اسلام نافذ کرنا چاہتے ہیں اور ہمارے طرف سے مجاہدین جاتے تھے اور قربانیاں دیتے تھے۔ آج اُنہیں تو اعتماد میں لے لیں۔ جب پاکستان کے لوگ وہاں طالبان کے ساتھ قربانی دے رہے تھے تو کم از کم اس کی لاج تو رکھیں۔ پاکستان کے حوالے سے اب بڑی بڑی باتیں کرتے ہیں کہ ہم اٹک تک پہنچ جائیں

گے اور فلاں جگہ تک پہنچ جائیں گے۔ تو یہ اٹک والوں نے اور پاکستان والوں نے ہی یہ بات ممکن بنائی تھی کہ آج آپ وہاں حکمران بن کر بیٹھے ہیں۔

لہٰذا میری دونوں ملکوں سے صبر و تحمل اور صلح کرنے کی درخواست ہے اور سب سے بڑا نقصان، پوری دنیا پاکستان کے لیے انتظار میں ہے کہ جب وہاں افغانستان اور نیتن یاہو، ان کی حمایت جب اُنہوں نے شروع کر دی اور جب مودی نے حمایت شروع کر دی، تو کیا خیال ہے کہ امریکہ اس سے الگ ہو سکتا ہے۔ نیتن یاہو کی سرپرستی کون کرتا ہے؟ یہ تو امریکہ کرتا ہے۔ وہاں غزہ کے مسلمانوں پر کون آگ برساتا ہے؟ تو وہ امریکہ کی طاقت سے برساتے ہیں۔ لہٰذا ان تمام چیزوں کو مد نظر رکھنا چاہیے۔ بہر حال ہمیں پاکستان کے مفادات کا خیال رکھنا چاہیے۔ ہمیں پاکستان کی سرحدوں کی اور اپنے وطن کا خیال رکھنا چاہیے اور پاکستان کے تحفظ کے حوالے سے ہماری یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم ایک ایٹمی قوت ہیں۔ شکریہ۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: ایک منٹ۔

**(مداخلت)**

سینیٹر سید علی ظفر: یہ اس چیز کا ایک ساتھ ہی جواب دے دیں۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: آپ کے لیڈر بات کر رہے ہیں۔ جی علی ظفر صاحب۔

**Senator Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: میں حکومت کا آئین کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں۔ I'll just take one minute. جناب، ہمارا preamble کہتا ہے کہ

whereas sovereignty over the entire universe belongs to almighty Allah alone, and the authority to be exercised by the people of Pakistan within the limits prescribed by him is a sacred trust.

آگے جا کر وہی preamble کہتا ہے کہ where's principles of democracy, freedom, equality, tolerance, and social justice as enunciated by Islam shall be fully observed. ہمارا یہی

preamble آگے جا کر پھر کہتا ہے کہ

wherein shall be guaranteed fundamental rights Including quality of status, opportunity, and before law, social economic and political justice, and freedom of thought, expression, belief, faith, worship, and association subject to law, and public morality.

ہمارے آئین کا Article 4 بھی بڑا واضح ہے اور یہ کہتا ہے کہ

to enjoy protection of law and to be treated in accordance with law is the inalienable right of every citizen wherever he may be and of every other person for the time being within Pakistan.

اُس کے ساتھ Article 9 کہتا ہے کہ no person shall be deprived of life or liberty saved in accordance with law. جناب، اب یہ کہنا چاہوں گا کہ یہاں جو بھی بات ہوئی لیکن عمران خان صاحب کی جو صحت ہے، اُن کی جو زندگی ہے، اُن کی جو حفاظت ہے اور اُن کی جو رہائی ہے، یہ بہت اہم معاملہ ہے اور یہ نہ صرف آئین کے مطابق حکومت کی ذمہ داری ہے بلکہ یہ عمران خان صاحب اور بشریٰ بی بی کا ایک Human Right, ایک بنیادی حق اور انسانی حق ہے کہ اُن کو یہ تحفظات ملیں۔

اب خان صاحب کی آنکھ کا issue ہے اور حکومت کا کہنا ہے کہ ہم علاج کرا رہے ہیں۔ ٹھیک ہے، آپ علاج کرا رہے ہیں لیکن جناب، یہ request ہے کہ اس علاج میں خان صاحب کے personal doctors کو بھی شامل کیا جائے۔ یہ اُن کا حق ہے۔ یہ ہر انسان کا حق ہے کہ ٹھیک ہے حکومت اپنے ڈاکٹر ضرور لے کر آئے، لیکن علاج میں personal doctors کو بھی شامل کر لے کہ جیسا ایک personal وکیل ہوتا ہے۔ آپ بے شک expert وکیل لے آئیں لیکن آپ کا اپنا ایک ذاتی وکیل ہوتا ہے جس پر آپ کو اعتماد ہوتا ہے تو آپ اُس کو ساتھ رکھتے ہیں۔ اسی طرح کا معاملہ doctors کا ہے۔ وہ ڈاکٹر جن سے آپ علاج کروا رہے ہیں، بے شک وہ اچھے ہوں گے لیکن ایک ex-Prime Minister کا انسانی حق ہے کہ اُن کے ذاتی ڈاکٹر بھی علاج میں ضرور شامل ہوں۔ تو یہ ایک ایسی genuine

request ہے اور میں نے ابھی آئین پڑھا اور یہ اُس کے مطابق ہے۔ ابھی جو رانا صاحب بات کرنے لگے ہیں، تو اس کا بھی جواب دے دیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: ابھی اذان ہونے والی ہے۔ جی رانا صاحب۔

**Senator Rana Sana Ullah Khan**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان (مشیر برائے سیاسی امور): شکریہ جناب چیئرمین۔ آج جو resolution متفقہ طور پر pass ہوئی ہے، وہ اس بات کی دلیل ہے کہ پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور اس House of the Federation سے اس resolution کے متفقہ طور پر pass ہونے سے میں سمجھتا ہوں کہ اس House نے اپنے آپ کو اس قرارداد کے ذریعے سے اپنے عوام کے ساتھ اور پوری قوم کے ساتھ ہم آہنگ کیا ہے۔ ہماری پوری قوم کا جو resolve ہے، ہم نے اُس کو endorse کیا ہے۔ معرکۂ حق کے موقع پر بھی ہم سب اور پوری دنیا اس بات کو دیکھ چکی ہے کہ ہماری پوری قوم کس طرح سے اپنی مسلح افواج پر اعتماد کرتی ہے اور ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

کل جو aggression افغانستان کی طرف سے ہوا ہے اور اُس aggression کا جو منہ توڑ جواب ہماری مسلح افواج نے دیا ہے وہ ہماری مسلح افواج کی جو might ہے، میرا خیال ہے کہ اُس کا کوئی دس فیصد بھی نہیں ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج اتنی professional اور اتنی طاقتور ہے کہ وہ کسی حد تک بھی اس جارح دشمن کو جو کہ نہ صرف دہشت گردی میں ملوث ہے بلکہ وہ دہشت گردی کو promote کرنے میں involve ہیں۔ تو اُس کو کسی حد تک بھی جواب دیا جا سکتا ہے اور اُن کا وجود بھی ہماری مسلح افواج کی دسترس سے باہر نہیں ہے لیکن اُنہوں نے اپنے آپ کو اُس حد تک محدود رکھا کہ اُن کو ایک موقع دیا جائے۔ اس سے پہلے بھی متعدد مواقع دیے گئے ہیں کہ وہ ایک ریاست کے طور پر behave کرنا سیکھیں، وہ ایک ریاست کے طور پر conduct کریں اور اُس cross border دہشت گردی سے جو یہ پاکستان میں کر رہے ہیں، اُس سے یہ باز آئیں۔ پوری قوم، پاکستان کی حکومت اور پاکستان کی سیاسی قیادت اپنی مسلح افواج کی اس کارکردگی اور عسکری قیادت کے اس فیصلے کے ساتھ کھڑی ہے کہ ان دہشت گردوں کو موقع دیا گیا ہے کہ وہ اپنی اس aggression سے اور دہشت گردی سے باز آ جائیں اور اگر یہ باز نہ آئے تو ان کو eliminate کر دیا جائے۔

(جاری۔۔۔۔T14)

رانا ثناءاللہ خان: (جاری۔۔۔) Aggression اور دہشت گردی سے باز نہ آئے تو ان کو eliminate کر دیا جائے۔ یہاں پر تجاویز خاص طور پر سینیٹر سید علی ظفر صاحب نے پیش کی ہے میں گزارش کروں گا کہ اس تجویز کو Standing Committee on Foreign Affairs بھیج دیا جائے۔ وہاں پر in-camera فارن افیئرز سے بھی اور مسلح افواج سے brief لینے کے بعد تو پھر آپ اس کے اوپر کوئی فیصلہ کریں کہ اس قسم کی regional authority دیکھیں! regional authority اس سے پہلے ہمارے انتہائی مخلص دو دوست ممالک پوری طرح سے involve ہوئے۔ وہاں پر کئی ہفتوں مذ کرات ہوتے رہے لیکن ان مذاکرات کے نتیجے میں وہ کسی بھی حل کے قریب نہیں آئے بلکہ اس میں demands کی گئیں اور demands کو پورا کرنے کی صورت میں بھی کوئی guarantee دینے کو تیار نہیں ہوئے۔ ان کے ساتھ یہ بھی بات ہوئی کہ ایک ایسا کمیشن، نا پاکستان، نا افغانستان بلکہ دونوں طرف کے ہمدرد دوست ممالک کے نمائندوں کے اوپر بنا دیا جائے جو Durand line board کے اوپر اس بات کا خیال رکھے کہ کس طرف سے دراندازی اور اس قسم کی activities کے لیے کس قسم کی کارروائیاں ہو رہی ہیں۔ اس پر بھی وہ رضا مند نہیں ہوئے۔ یہ سارے حل اور ساری تجاویز اس سے پہلے discuss ہو چکی ہیں۔ آپ نے جو تجویز دی ہے میں سمجھتا ہوں کہ بڑی اچھی تجویز ہے لیکن اس تجویز کو ہمیں ایک stage کے اوپر پہلے پوری طرح سے دیکھ لینا چاہیے۔ اس کے بعد اگر کوئی صورت نکلے تو پھر آگے بڑھانا چاہیے۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ آج کے اس Resolution کا ایک ہی پیغام ہے اور وہ یہ پیغام ہے کہ ہم پوری قوم کے ساتھ کھڑے ہیں، پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور جو جواب جارح دشمن کو کل دیا گیا اس جواب سے بھی متفق ہے۔ عسکری قیادت کے اس فیصلے سے بھی متفق ہے جس کے اوپر عمل کرتے ہوئے رات کارروائیاں کی گئی ہیں۔ آخر میں علی ظفر صاحب نے بات کی ہے اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ میں خود اس بات کا حامی ہوں۔ میں اس کے اوپر ہمیشہ بات کرتا رہا ہوں کہ political معاملات کو table پر بیٹھ کر سیاسی جماعتوں، سیاستدانوں کو discuss کرنا چاہیے۔ ان کو بیٹھ کر resolve کرنا چاہیے۔ اب میں اس بحث میں نہیں جاتا کہ ہماری طرف سے بار بار پیشکش ہوتی رہی ہے، ہو رہی ہے لیکن انکار کس طرف سے ہوتا ہے۔ اس انکار کو ایک اور طرح سے اور معنی پہنائے جاتے ہیں کہ جی کوئی اِس کے لیے بھی تیار نہیں ہے، اُس کے لیے بھی تیار نہیں ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ جس کے لیے 2018 میں سارا arrangement ہوا پچھلے تین چار پانچ

سالوں میں اس arrangement کے تحت پھر الیکشن ہوا اور الیکشن کے بعد حکومت قائم ہوئی۔ اس arrangement کے لیے شاید اب بھی پوری تیاری ہے لیکن اگر arrangement آگے سے نہ حاصل ہو سکے تو وہ ایک علیحدہ بات ہے۔

میں عرض کروں گا کہ اپوزیشن کے معزز سینیٹر صاحبان یہاں پر بیٹھے ہیں، آپ نے یہ قرارداد متفقہ طور پر پیش کی ہے اس بات کے ساتھ کہ پوری قوم دہشت گردی کی جنگ کے خلاف اپنی Law Enforcing Agencies اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ اپنے شہداء کے ساتھ، ان شہداء کی families کے ساتھ کھڑی ہے۔ جب ہم اس بات کا اظہار کریں تو اس میں پھر دوسری چیزوں کو ضروری نہیں ہوتا کہ ہر موقع کے اوپر discuss کیا جائے۔ ان چیزوں کے اوپر ہم علیحدہ بالکل آپ کے ساتھ بیٹھ کر بات کرنے کو تیار ہیں۔ اگر آپ اس کے اوپر debate کرنا چاہیں، ہم اس کے لیے بھی تیار ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہر معاملے کا ایک موقع محل ہوتا ہے۔ اس لیے آپ اس چیز کو اس انداز میں علیحدہ رکھیں کہ doctors میں کون لوگ شامل ہونے چاہئیں، ملاقات کس طرح سے ہونی چاہیے، ملاقات کے بعد کیا ہونا چاہیے، کیا نہیں ہونا چاہیے۔ عدالت میں cases کب لگیں اور تاریخ کس طرح سے fix ہونی چاہیے۔ ان ساری چیزیں کے اوپر بالکل ہم آپ کے ساتھ بیٹھ کر بات کرنے کو تیار ہیں۔

اس سے پہلے آپ کو وزیراعظم صاحب نے تین مرتبہ مذاکرات کی، dialogue کی دعوت دی ہے۔ آپ کی طرف سے ابھی تک باضابطہ طور پر کوئی جواب نہیں آیا لیکن آپ کو بھی چاہیے کہ اس معاملے میں کسی اور بات کو لائے بغیر دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کے ساتھ اور اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہوں۔ باقی معاملات آپ کے اور ہمارے ہیں، ان کے اوپر اختلاف رہتا رہا ہے، رہے گا، اس وقت بھی ہے لیکن اس کے اوپر ہم علیحدہ سے بات کر سکتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: The Senate of Pakistan firmly stands behind its glorious Armed Forces and fully endorses their befitting response to aggression against Pakistan. The Senate of Pakistan is fully against terrorism. Now the proceedings of the House stand adjourned to meet again on Monday, the 2nd March, 2026, at 02:00 p.m.

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on* Monday, the 2nd March, 2026, at 02:00 p.m.

-------------------